Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم !!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کردی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

فلحال

از قلم

محمد شارق

ایک سال سے زیادہ ہو گیا تھا وہ نا جانے کہاں کہاں گئی ہو گی اسکی تلاش میں۔

آج بھی وہ پولیس اسٹیشن سے بغیر کسی جواب کے نکلی تھی۔

دیکھے محترمہ آپ سے نرمی کا برتاؤ کر رہے ہیں تو آپ کو بات سمجھ نہیں آ رہی شاید۔ آج آخری بار کہہ رہا ہوں آئندہ آپ یہاں آئی تو یہ آپ کیلئے اچھا نہیں ہو گا۔ آپ جا سکتی ہے۔

اس ایچ او کی باتیں اور رویہ آج اسے ڈرا گئے تھے ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ پولیس اسٹیشن کے باہر آکر ایک بینچ پر بیٹھ گئی تھی اور اپنے بیگ میں موجود حنا کی پیکٹ کو ایک نظر دیکھ کر زپ بند کرتے ہوئے آنسو کی ایک لڑی جو اسکی آنکھوں سے نکلی تھی پونچھنے لگی۔

پاپا کہاں ڈھونڈھوں آپ کو... کہیں پر کوئی بھی کچھ جانتا ہی نہیں ہے اسکے بارے میں...

وہ بینچ سے ٹیک لگا کر گہری سانس لیتے ہوئے اٹھنے لگی ہی تھی کہ کسی کی شفقت بھری آواز پر اسکی جانب مڑی...

!!سنو بیٹا...

وہ آواز دینے والے کی جانب مڑی جو ایک کمزور سے بوڑھے کونسٹیبل کی تھی۔

!! جی انکل

کونسٹیبل نے آس پاس دیکھا اور مزید اسکے قریب آیا۔

بیٹا ایک سال سے زیادہ ہوا ہے تمھیں دیکھ رہا ہوں تم پولیس کے ہر ادارے میں مجھے نظر آئی ہو مگر تم جسے ڈھونڈھ رہی ہو وہ تمھیں نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ملے گا کیونکہ کوئی بھی اسے نہیں جانتا سب نئے لوگ ہے

پرانوں کی پوسٹنگ کہاں ہوئی ہے کوئی نہیں جانتا بس

ایک میں رہ گیا ہوں کیونکہ اگلے ہفتے میں ریٹائر ہو رہا ہوں

اسلئے تمھارے والد کی خاطر کیونکہ وہ اچھے انسان تھے تمھیں

بتا رہا ہوں کسی کمپیوٹر ہیکر کے پاس جاؤ وہی تمھاری مدد کر سکتا ہے۔

یہ کہہ کر وہ دوبارہ آس پاس دیکھ کر پلٹ کر جلدی جلدی

جانے لگا تو وہ اسکی جانب دیکھتے ہوئے بولی۔

انکل شکریہ!!!

وہ بغیر پلٹے اس سے بولا۔

شکریہ کی ضرورت نہیں بس میرا ذکر کسی سے مت کرنا۔

یہ کہہ کر وہ کانسٹیبل چلا گیا اور وہ بھی اب مین روڈ کی

جانب چلنے لگی جہاں اسکی گاڑی کھڑی تھی۔

اف!! اب ہیکر کہاں سے ڈھونڈھو۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ سوچتے ہوئے اسنے گاڑی اسٹارٹ کی اور کچھ دیر ڈرائیو کرنے کے بعد کچھ ذہن میں آتی ہی موبائل نکالنے لگی۔۔

....

....

وہ بیڈ پر لیٹا تھا رات کے تین بج رہے تھے اے سی کی ٹھنڈ میں بھی اسکے ماتھے پر پسینے آیا ہوا تھا۔

وہ نیند میں بے چین تھا

کوئی لڑکی ہری بھری گھاس پر چل رہی تھی سفید نفیس شلوار قمیض میں ملبوس اسکا لال آنچل ہوا میں اڑ رہا تھا وہ کسی وادی میں تھی بہت خوبصورت وادی رنگ برنگے پھول۔ وہ اسی کی جانب آرہی تھی مگر دھند ہونے کی وجہ وہ اسکا چہرہ دیکھ نہیں پا رہا تھا۔

جوں جوں وہ قریب آرہی تھی دھند بھی بڑھتی جارہی تھی۔ لیکن جیسے ہی اس نے اس لڑکی کی جانب ایک قدم بڑھایا کہی سے گولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلی اور وہ لڑکی ایک دلخراش چیخ کے ساتھ گری اور یہاں وہ چلاتے ہوئے نیند سے بیدار ہوا۔

!!!! نہیں !!! نہیں

وہ چلاتے ہوئے اٹھا۔وہ بے چینی سے سانسیں لے رہا تھا اپنے چہرے پر آئے پسینے کو محسوس کرتے ہوئے اس نے بیڈ سائیڈ لیمپ آن کیا گھڑی پر رات کے تین بج رہے تھے وہ اٹھا اور واشروم کی جانب بڑھا۔واش بیسن کے پاس کھڑا وہ اپنا دلکش چہرہ آئینے میں دیکھتے ہوئے اس پر پانی مارنے لگا

۔

یہ پہلی بار نہیں تھا کہ اس نے یہ خواب دیکھا تھا وہ اکثر راتوں کو ایسے بے چین رہتا تھا۔۔۔

‘‘‘‘‘...

....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پورے کمرے میں اندھیرہ تھا مگر اسکے ہاتھ میں موجود جلتے سگریٹ کی چھوٹی سی سرخی واضح تھی۔

تبھی کوئی دروازہ پر نوک کرکے اندر آیا۔۔

سر دبئی سے لوگ آگئے ہیں میٹنگ شروع کر لیتے ہے۔

یہ اسکے ہر خاص وعام کام میں اسکے ساتھ رہنے والا اسکا وفادار جابر تھا۔

ٹھیک ہے جابر تم جاؤ۔۔۔

جابر جانے لگا تو اسکی آواز پر رکا۔

جابر وہ ملی یا نہیں۔۔

اسکے اس سوال پر جابر نے سر جھکالیا تو اس نے سگریٹ کا دھواں خارج کرتے ہوئے ایک گہرا سانس لیا اور جابر کو جانے کا کہا۔

جابر کے جاتے ہی کمرے سے کچھ ٹوٹنے کی آواز آئی جس پر جابر افسوس سے بند دروازے کو دیکھ کر چلا گیا جبکہ اندر بیٹھا وہ خوبرو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور مضبوط جسم کا مالک جو دکھنے میں کسی ریاست کے شہزادے سے کم نا تھا کانچ کے ٹوٹے ٹیبل کو جو اس نے اپنے مضبوط ہاتھ کے ایک ہی مکے سے چکنا چور کر لیا تھا اسے دیکھ رہا تھا اور اسکی آنکھوں میں آنسو تھے افسوس اور ندامت کے آنسو۔

کہاں ڈھونڈھو تمھیں کاش اس دن کسی اور پر بھروسہ نا کرتا کاش !!!

....

....

تین سال پہلے.......

یہ شہر کا سب سے اندرونی حصہ تھا جہاں دن میں سناٹا مگر رات کو جشن سا سماں ہوتا۔۔۔

جہاں عزت دار لوگ دن میں نہیں رات میں آتے ۔۔۔۔

بانو کا کوٹھہ سب سے منفرد مشہور اور سب کا پسندیدہ تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ستارہ آئینے کے سامنے بیٹھی اپنے بالوں میں آئی ایک سفیدی کی دار کو اپنی قسمت کی سیاہی جیسا ہی کر رہی تھی۔

ستارہ جو کسی حور سے کم نا تھی پچھلے پانچ سالوں سے یہی تھی بس انیس کی تھی جب یہاں لائی گئی تھی۔رنگ روپ ہر نوازش سے رب نے اسے بخشا تھا مگر یہ نوازشیں اسے برباد کر چکی تھی وہ کچھ نہیں کر سکی تھی۔

ستارہ اپنے کام میں مگن تھی کہ اسے بانو کی چلانے کی آواز آئی اور ساتھ کسی لڑکی کی آہ وبکا کی۔

یہ پہلی بار نا تھا یہاں تو عام تھا روز کا تماشہ ستارہ اپنی کام میں مشغول رہی تبھی اسکے کمرے کا دروازہ زور سے کھلا

ستارہ چل جلدی بچا لے بچاری کو وہ زرار نامس پٹیاں آج پھر کسی معصوم کو لیکر آیا ہے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ کہنے والا ایک نازک جسامت والا خواجہ سرا تھا جسے سب دانی کہتے تھے۔جو کھوٹے کے اندرونی معاملات سنبھالتا تھا۔۔

زرار کا نام سنتے ہی ستارہ کے چہرے پر غصے کے تاثرات ابھرے اس نے زور سے آنکھیں میچ لی مگر دانی کی بات پر کوئی رد عمل ظاہر نہیں کیا۔۔

دانی کوئی نئی بات تو نہیں ہے جو تم اتنا تڑپ رہی ہو۔۔

ستارہ نے لاپرواہی سے جواب دیا اور کام ختم ہوتے ہی آئینے کے سامنے سے اٹھی۔

نئی بات ہے ستارہ وہ بیچاری عدت میں ہے شوہر ابھی ابھی مرا ہے اس کا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دانی کی بات سن کر ستارہ نے چونک کر اسکی طرف دیکھا اور دوڑتی ہوئی اسی کمرے کی طرف بھاگی جہاں آج پھر کسی معصوم کی زندگی اندھیروں کے حوالے ہونے والی تھی۔

زرار لے جا اسے اور جلال کے حوالے کر بہت شور کر رہی ہے محفل کا وقت ہے دھندا خراب کر دے گی۔

زرار جو بانو کو لڑکیاں سپلائی کرتا تھا ایک پاؤں سے لنگڑا چالیس پینتالس عمر کا بھاری جسم اور کالی رنگت والا بے حس انسان غلیظ سی مسکراہٹ لیے اسکی جانب بڑھا اسی وقت ستارہ دانی کے ساتھ وہاں آ چکی تھی وہ آتے ہی اسکی ڈال بن کر کھڑی ہوئی اور ایک زوردار طمانچہ زرار کے منہ پر جھڑ کر اس لڑکی کی جانب بڑھی اور اسے اپنی بانہوں میں لیے وہاں سے لے جانے لگی اور وہ ستارہ کو کوئی مسیحا سمجھ کر اسکے ساتھ چلنے لگی تبھی بانو اسکے آگے آ کر کھڑی ہو گئی۔۔۔

اے ستارہ کہاں لے جا رہی ہو اسے ؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ستارہ نے غصے سے بانو کی طرف دیکھا۔

بانو بیگم کچھ خدا کا خوف ہے آپکو یا نہیں یہ عدت میں ہے کچھ لحاظ ہی رکھ لے۔۔

ستارہ کی بات سنتے ہی بانو اور زرار دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر زور زور سے قہقہے لگانے لگے۔

زرار دوبارہ اسکی جانب بڑھا تھا اور وہ ستارہ کے پیچھے چھپنے لگی۔

بانو بیگم یاد رکھنا اگر اسے ہاتھ لگایا تو میں کل کا مجرا نہیں کروں گی

ستارہ کی بات سنتے ہی زرار کے قدم رک گئے۔کیونکہ ستارہ کے مزاج سے سب واقف تھے پہلے دن سے ہی۔بانو ایک دم سنبھلی۔

اچھا اور آج کا نقصان کون پورا کرے گا یہ توڑ پھوڑ جو کی ہے اس لڑکی نے کون ہرجانہ بھرے گا۔ہمم تم بھر سکتی ہو آسانی سے آج بھی رقص کر لو تو اس لڑکی کو بھی تمھاری جیسی سہولیات میسر ہو جائے گی ویسے بھی یہ پھول فلحال ملنے کیلئے نہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس دیکھنے کیلیے چنا تھا میں نے جیسے تمھیں چنا تھا

۔

بانو کی بات سنکر ستارہ کے چہرے پر زخمی مسکراہٹ نمودار ہوئی ۔اور فلحال لفظ سن کر وہ لڑکی بھی سہم گئی تھی نفرت تھی اسے اس لفظ سے۔۔۔

منظور ہے تیاری کرلے آپ۔۔۔

ستارہ کی بات سن کر بانو کے تو چہرے پر خوشی ہی خوشی چھلکنے لگی پیسوں کا سوچ کر۔

دانی جا اعلان کر آج ستارہ کا رقص ہے تاکہ گراہکوں کی بھیڑ جمع ہو جائے ہائے دل خوش کر دیا تو نے ستارہ واہ!!!

یہ کہتے ہوئے بانو چہکتے ہوئے وہاں سے جانے لگی اور زرار بھی بانو کے پیچھے ستارہ پر نظریں گاڑھتا ہوا لنگڑاتا ہوا چل پڑا۔

۔

''

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ستارہ اسے اپنے کمرے میں لائی تھی جہاں وہ ابھی تک رو رہی تھی

۔

سنو یہ اب تمھارا مقدر ہے یہ تو خیر مناؤ کہ تمھیں درندوں کا نوالہ نہیں بنایا جائے گا بس شو پیس کی طرح استعمال ہو گی تم یہ خوبصورتی تمھیں بچا چکی ہے۔اسلئے یہ لو نیند کی گولی اور سو جاؤ مجھے تیار بھی ہونا ہے۔

ستارہ کی بات سن کر اس نے حیرت سے اسکی طرف دیکھا اور ستارہ کے ہاتھ سے گولی لیکر کھانے لگی ستارہ نے پانی کا گلاس اسے پکڑایا اور خود آئینہ کے سامنے کھڑی ہو گئی اور آئینہ میں اسکا سراپا نظر آرہا تھا تو اسے دیکھنے لگی وہ ستارہ سے بھی زیادہ خوبصورت تھی اس میں کوئی شک نہیں تھا کمر سے نیچھے آتے بال سفید کھلی رنگت نین نقش بے عیب بیچ کی مانگ نکالے اور اباِیا میں وہ بے حد حسین لگ رہی تھی۔ستارہ نے آئینے سے ہی اسکی جانب دیکھا اور پوچھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمھارا شوہر کیسے مرا؟؟

ستارہ کی بے حس رویے میں پوچھے اس سوال کا جواب وہ نہیں دینا چاہتی تھی۔۔

اسکی خاموشی دیکھ کر ستارہ اک ادا سے اسکی جانب مڑی۔

اچھا ہے نا بتاؤ اب سو جاؤ کیونکہ اب تمھیں تیار کیا جائے گا ۔کچھ دنوں میں ادائیں اور رقص سب کا ماہر بنا کر تمھیں پیش کیا جائے گا۔۔

ستارہ کی باتیں اسکی روح پر وار کر رہی تھی۔۔

دیکھوں مجھے نہیں لگتا تمھیں یہاں سے کوئی لے جائے گا اس لیے ناچنے سے انکار مت کرنا۔۔

وہ ستارہ کی بات سن کر آنکھیں بند کر چکی تھی آنسو تو بہہ ہی رہے تھے۔۔۔

سنو اپنا نام بھی اب بھول جاؤ آج سے تم ستارہ کا چاند ہو۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ستارہ کی بات سنکر بھی اس نے آنکھیں نہیں کھولی اور اپنی قسمت پر روتے ہوئے اسے عذاب سے بھری جگہ پر نیند کی گولی کی وجہ سے اسے نیند آ گئی۔۔

اسے کافی دیر تک پر سکون دیکھ کر ستارہ اسکے پاس گئی اور اسے بیڈ پر صحیح طرح لٹانے لگی۔اور چادر اڑاتے ہوئے اسکا چہرہ بغور دیکھنے لگی جس پر انگلیوں کے نشان تھے جو ان ظالموں کے ظلم کی گواہی دے رہے تھے۔

ستارہ اسے دیکھتے ہوئے اپنی ماضی میں چلی گئی تھی۔اسے اپنے یاد آئے اور وہ وہی اسکے قریب بیڈ پر بیٹھی ٹیک لگا کر آنکھیں مونده کر پانچ سال پہلے کے لمحوں کو اپنی ذہن میں چلتا محسوس کرنے لگی۔۔۔

صائم !!

یہ نام لیتے ہی اسکی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نمرہ آج یونی میں بہت خوش تھی کیونکہ انکا ڈانس گروپ انٹرنیشنل اسٹوڈنٹز ٹیلنٹ کیلئے سیلیکٹ ہو چکا تھا اور وہ اس میں لیڈ ڈانسر تھی ۔

وہ ہمیشہ کی طرح اپنی پھوپھی زاد رمشہ کے ساتھ یونی سے آف ہونے کے بعد گھر کی طرف جانے لگی تھی۔۔

پتہ ہے رمشہ میں بہت خوش ہوں اب تو سب کو پتہ لگے گا نمرہ کون ہے سب دیکھے گے میرا ڈانس واؤ!!!

رمشہ نے اسکی بات کا کوئی جواب نہیں دیا اور اس پر حقارت بھری نظر ڈالی جو نمرہ نہ دیکھ سکی

رمشہ ہمیشہ سے نمرہ کی خوبصورتی اور ہر کامیابی سے جلتی تھی۔ مگر نمرہ اس سے بے خبر تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گھر پہنچے تو نمرہ نے ہمیشہ کی طرح رمشہ کو گھر میں کسی کو بھی بتانے سے منع کیا۔

اس گھر میں نمرہ اور اسکے والد کے ساتھ اسکی بیوہ پھپھو اور انکی بیٹی رمشہ رہتے تھے جبکہ پھپھو کا ایک بیٹا بھی تھا جو چھٹیوں پر آنے والا تھا وہ دبئی میں سیلز مین تھا کسی شاپ پر۔

نمرہ کی ماں اسکی پیدائش کے بعد چل بسی تھی تب سے نمرہ کو اسکے والد نے ہی سنبھالا تھا جو کسی فیکٹری میں مزدور تھے اور گھر میں سوائے رمشہ کے اور کسی کو اسکے ڈانس کے بارے میں پتہ نہیں تھا۔

--...

نمرہ کی گروپ کی ٹریننگ پوری ہو چکی تھی اور ٹیلنٹ شو میں تمام پرفارمرز کی ٹیم ایک مہینہ پہلے سے ہی آکر اسٹیج پر اپنی دی ہوئی ٹائمنگ کے حساب سے پریکٹس کرنے لگی تھی

نمرہ وہاں یونی بس میں باقی اسٹوڈنٹز کے ساتھ آتی جاتی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ لیٹ ہوتی تھی تو اسکی وجہ سے رمشہ کو بھی اسکے ساتھ اپنی ماں کی ڈانٹ سننی پڑتی جس سے اسکی جلن اور حد اور بڑھ چکی تھی رمشہ کے خلاف۔۔

....

وہاں ترکی کے اسٹوڈنٹز بھی تھے۔ نمرہ اکثر ان میں موجود ایک کیمرہ بوائے کو خود کو دیکھتے ہوئے دیکھتی ۔۔۔

ھیلو مسٹر یہ کیمرے میں کیا سیو کیا ہے؟؟

نمرہ آج اس ترکش لڑکے کے سر پر کھڑی غصہ سے بولی جس سے وہ ذرا سہم گیا۔

yes...

چھپ یس کے بچے دکھاؤ مجھے دکھاؤ۔

نمرہ کیمرے پر جھپٹی تو وہ اسکے قریب آیا اور اسکا کیمرے کی طرف بڑھتا ہاتھ پکڑ لیا جس سے دونوں ٹکرائے اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دونوں کی نظریں ملی نمرہ کو وہ ایک معصوم شہزادہ لگا اور وہ تو پہلے دن سے ہی نمرہ کو اپنا دل دے بیٹھا تھا۔

پلیز آپ رکے کیمرہ بہت مہنگا ہے اور انسٹیٹیوٹ کا ہے میں اس کا نقصان نہیں بھر سکتا پلیز آپ بینچ پر بیٹھے ہم تحمل سے بات کرتے ہیں۔

نمرہ اسکے لہجے میں کھو گئی تھی ہوش میں آتے ہی وہ اپنے جذبات دبائے قریب بینچ پر بیٹھ گئی ۔۔

میرا نام صائم ہے اور آپ نمرہ۔ آپ بہت اچھی ڈانسر ہے اور بہت خوبصورت ۔۔

کہتے کہتے اس کا لہجہ بدل گیا جس پر نمرہ کا دل دھڑکنے لگا تھا۔ اس نے نظریں جھکالی تھی اس کا غصہ اب غائب تھا۔۔

اب صائم اسکے پاس بیٹھ کر اسے اسکی تصویریں دکھانے لگا جھنیں دیکھ کر نمرہ اپنی خوبصورتی پر رشک کرنے لگی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صائم اور نمرہ اب ایک دل دو جان بن چکے تھے دونوں اب ایک دوسرے کے بغیر رہنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔۔۔

....

نمرہ کو وہاں پر موجود ایک گارڈ کی نظریں بہت عجیب لگتی تھی لیکن اس نے کسی سے اس کا ذکر نہیں کیا تھا کیونکہ غلیظ لوگ ہر جگہ موجود ہوتے ہیں بس وہ خود کو سیکیور محسوس کرتی جب صائم کو اپنے آس پاس دیکھتی۔۔۔

....

رمشہ دو گھنٹے سے نمرہ کا یونی کے گیٹ پر انتظار کر رہی تھی تبھی اسے نمرہ کسی کے ساتھ آتی دکھائی دی رمشہ کی آنکھیں ان دونوں کو ایک ساتھ دیکھ کر وہی ٹھہر گئی ہر زاویے سے وہ پرفیکٹ لگ رہے تھے پری اور پری زاد۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گھر جاتے ہوئے نمرہ رمشہ سے اپنے اور صائم کے بارے میں بتاتے ہوئے بہت خوش تھی اس بات سے بے خبر کہ رمشہ اندر تک جھلس چکی ہے۔۔

....

نمرہ سوئی ہوئی تھی جب شام کے وقت اسے اپنی پھپھو کی زور سے آتی آوازوں نے نیند سے بیدار کروایا۔

بھائی صاحب بس یہی دن دیکھنے رہ گئے تھے اس نے ذرا بھی ہماری عزت کا خیال نہ کیا کتنی چھوٹی تھی جب سے اسے میں نے پالا پر سکون زندگی دی رمشہ سے زیادہ اہمیت دی مگر یہ کیا آج ایسے کوئی غیر لڑکا ہم سے عزیز ہوگیا بات اتنی بڑھ چکی ہے کہ وہ رشتہ مانگنے آگیا۔۔۔

نمرہ کا سر چکرا گیا اس نے فوراً اپنا موبائل دیکھا جو وہ سوتے ہوئے سائیلنٹ پر رکھ کر سوئی تھی صائم نے نا جانے کتنے کال کیے اور ایس ایم ایس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اسکے ایس ایم ایس پڑھتے ہوئے حیران ہو رہی تھی۔اس نے جلدی سے اسے فون کیا۔۔

ہیلو صائم تم اپنے والد کے ساتھ گھر آئے تھے اور میں نے کب آنے کا کہا تھا تمھیں؟؟؟۔۔

وہ گبھراتے ہوئے بول رہی تھی جس پر صائم پریشان ہوا

رکو نمرہ بابا کے آنے کی اطلاع دینے کیلیے میں نے تمھیں کال کی تم نے پک نہیں کی تو میں نے ایس ایم ایس کیا کہ کل اچھے سے تیار ہو کر آنا کیونکہ میں بابا کو ہمارے بارے میں پہلے ہی بتا چکا تھا تو وہ تمھیں دیکھنا چاہتے تھے مگر تم نے کہا کہ گھر آجاؤ اور بابا کے ساتھ اور رشتہ مانگ لو کیونکہ تم بھی اپنے گھر والوں کو سب بتا چکی ہو تو ہم آئے میں نے آنے سے پہلے اور بعد میں بھی کال کی مگر تم اٹینڈ ہی نہیں کر رہی تھی بس ایس ایم ایس کر رہی تھی ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صائم نے بنار کے ساری بات کہی نمرہ جواب دینے لگی تو رمشہ زہریلی مسکراہٹ لیے کمرے میں داخل ہوئی تو نمرہ نے فون بغیر جواب دیے بند کیا۔۔

نمرہ سوتے ہوئے موبائل کا خیال رکھا کرو بلکہ چھپا کر رکھا کرو اور چلو عزت افزائی کیلیۓ نیچھے سے بلاوا آیا ہے۔

رمشہ کے چہرے کے زہر آمیز تیور نمرہ کو سب سمجھا گئے وہ ڈرتے ہوئے نیچھے گئی ۔

صحن میں اس کے والد سر جھکائے بیٹھے تھے وہ آج اپنی عمر سے بھی زیادہ بوڑھے لگ رہے تھے۔

وہ بھی سر جھکا کر کھڑی ہو گئی۔

نمرہ بیٹا ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اگلے جمعہ کو تمھارا نکاح کروایا جائے علی کل دبئی سے آرہا ہے تمھاری پھپھو کی یہ خواہش ہے کہ تم اسی گھر میں رہو انکی بہو بن کر۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نمرہ نے ایک نظر اپنے والد کو دیکھا جو ابھی تک سر جھکائے بیٹھے تھے پھر اس نے رمشہ کو دیکھا جو نمرہ کو دیکھ کر طنزیہ مسکرا رہی تھی ۔ نمرہ سے وہاں کھڑے ہونے نہیں ہو رہا تھا وہ وہاں سے بھاگتے ہوئے اپنے کمرے میں آئی اور دروازہ بند کرتے ہوئے وہی ٹیک لگاتے ہوئے زمین پر بیٹھی رونے لگی۔۔۔۔

.....

....

صائم مجھے ڈر لگ رہا ہے پتہ نہیں کیا ہوگا میں مر جاؤں گی اگر تم سے الگ ہوئی۔۔۔

نمرہ رو پڑی تھی جب وہ اسے گھر میں ہونے والی ساری باتیں بتا رہی تھی۔۔

صائم کا دل بھی تیز دھڑکنے لگا تھا۔

کیا شادی کرو گی مجھ سے ابھی اسی وقت ؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صائم کے اس سوال پر وہ چونک کر اسی کی جانب دیکھنے لگی تھی۔

بولو نمرہ؟

صائم نمرہ کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولا تھا۔

وہ میں۔۔۔مطلب مجھے نہیں پتہ۔۔؟؟؟

نمرہ کی سانسیں بے ترتیب ہونے لگی تھی۔۔

پلیز بات سنو میری اب کیا ہوگا تم جانتی ہو تو گھر جاؤ اور لیٹر لکھ کر رکھ دو شام کو ہم نکاح خواہ کے پاس جا کر نکاح کر لیںگے اور پھر تمھارے گھر جا کر سب سے معافی مانگ لیںگے۔

صائم نے یہ کہتے ہوئے اس کا ہاتھ تھام لیا تھا تو وہ کچھ سوچ کر اثبات میں سر ہلانے لگی اور دونوں اس بات سے انجان تھے کہ کوئی انکی باتیں سن چکا تھا۔

....

نکاح ہوتے ہی دونوں نے ٹیکسی لی اور نمرہ کی گھر کی طرف گئے انکے ساتھ صائم کے والد بھی موجود تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نمرہ اپنا موبائل آن کرلو اب۔

صائم اسکی جانب مسکراتے ہوئے دیکھ کر بولا۔

جواب میں وہ بھی مسکرائی اور موبائل آن کر دیا۔

دونوں خوش تھے نمرہ روایتی دلہنوں کی طرح سر جھکائے بیٹھی تھی۔

اچانک نمرہ کے فون کی رنگ سے سب چونکے۔

نمرہ نے فون کی جانب دیکھا تو گھبرا کر صائم کی طرف دیکھا۔

صائم بابا!!

صائم نے اسکے ہاتھ سے فون لیکر اوکے کرکے اسپیکر آن کر دیا۔

کہاں ہو منحوس اپنے بوڑھے باپ کو نگل گئی مار دیا میرے بھائی کو شادی کرلی تو نے دیکھ لینا کبھی خوش نہیں رہے گی اگر غیرت تھوڑی باقی ہے تو یہاں مت آنا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نمرہ کی پھپھو کی روتی ہوئی آواز سن کر سب کے ہوش اڑ گئے تھے وہ ابھی اسی حیرت میں تھے کہ اچانک ٹیکسی کنٹرول سے باہر ہوگئی اور روڈ سے اتر کر جھاڑیوں کی طرف جا کر کسی چیز سے زور سے ٹکرا کر رک گئی۔

صائم کے والد بے ہوش ہوچکے تھے جبکہ ڈرائیور کی حالت بھی ابتر تھی

صائم ٹیکسی سے لنگراتے ہوئے باہر نکلا اپنے بابا کو آوازیں دینے لگا تبھی اسے نمرہ کی دلسوز چیخ سنائی دی ۔

صائم بچاؤ مجھے صائم !!!!

وہ اتنا بول پائی تھی کہ اس شخص نے جو نمرہ کو زبردستی لیکر جا رہا تھا نمرہ کے منہ اپنے ہاتھ میں جکڑا اسی لمحے نمرہ نے اسے دیکھا یہ وہی گارڈ تھا۔۔

صائم فوراً نمرہ کی جانب بڑھا تو گارڈ نے پستول نکال کر نمرہ کے سر پر رکھی جیسے دیکھ کر صائم رک گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رکے جا بیٹا ایک مہینے سے اس دن کا انتظار کر رہا تھا وہ تو اچھا ہوا تم لوگوں کی شادی کی پلاننگ سن لی میں نے ورنہ اتنا سب کیسے کرتا۔

وہ یہ بولتے بولتے اچانک لڑکھڑایا اور اسکے ہاتھ سے پستول گر گئی تو صائم فوراً اسکی جانب بھاگا مگر اچانک فضاء میں گولی چلنے کی آواز آئی اور صائم گر گیا پھر ایک اور فائر صائم کی سفید قمیض لال ہونے لگی نمرہ کیلئے یہ منظر کسی قیامت سے کم نا تھی وہ اس لنگڑاتے وجود کے ہاتھوں میں بن پانی کی مچھلی کی طرح تڑپ رہی تھی۔

ایک لمحہ میں کیا سے کیا ہو گیا۔

تبھی اسکے منہ سے ہاتھ ہٹا کر اسکے منہ پر کپڑا رکھا گیا جسکی وجہ سے وہ بے ہوش ہو گئی تھی۔۔

....

خبردار جو کسی نے مجھے ہاتھ لگایا چھوڑو مجھے جانے دو۔۔۔۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نمرہ چلارہی تھی تبھی ایک اور تھپڑ اسکے گال پر پڑا تھا۔

دیکھ لڑکی چلانا بند کر اور فکر کیوں کر رہی ہے تجھے اچھے استعمال میں لینگیں میں تیرے ساتھ غلط نہیں ہونے دونگی تو میرے کوٹھے کا ستارہ بننے والی ہے۔مان گئ تو ٹھیک ہے صرف نچو آئے گیں سنا ہے غضب کا ناچتی ہو۔اگر نہیں مانی تو پتہ ہے نہ کوٹھ پر کیا کیا ہوتا ہے۔اور میں تیری جوانی اتنی جلدی ضائع نہیں کرونگی تو تو کروڑ کا مال ہے کروڑ کا کیوں زرار ٹھیک کہا نا۔؟؟

بانو بیگم زرار کی طرف دیکھتے ہوئے بولی ۔

زرار وہی گارڈ تھا وہ لنگڑاتا ہوا نمرہ کی جانب بڑھنے لگا تو دانی بیچ میں آئی۔

رک نا س پٹیے دورہ سمجھے یہ صرف نچنیا ہے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دانی نے حقارت سے اسکی جانب دیکھ کر کہا اور اسکے قریب گئ۔

مان جاؤ ورنہ میں اس لنگڑے کو روک نہیں پاؤ گی۔

دانی نے یہ کہتے ہوئے اسکی جانب ہمدردی سے دیکھا۔۔

میں۔میں۔وہ صائم۔۔۔میرے شوہر۔۔۔

نمرہ اتنا بول پائی تھی کہ رونے لگ گئ۔

مر گیا وہ سمجھی۔۔

زرار کی بات پر نمرہ پر ایک اور قیامت ٹوٹی۔۔۔

ستارہ کے آنسو رواتھے اپنا ماضی یاد کرتے ہوئے ۔

تبھی باہر اندھیرہ بڑھتا دیکھ کر اٹھی ایک نظر پلنگ پر سوئے وجود پر ڈالی جسکا حال بھی اس جیسا ہی تھا اور تیار ہونے چلی گئ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ایک ریسٹورنٹ میں بیٹھی کسی کے آنے کا انتظار کر رہی تھی اسے یہاں آئے کافی دیر ہو چکی تھی اور وہ اب تک دو بار اپنا بیگ کھول کر اس حنا کی پیکٹ کو دیکھ چکی تھی ۔

اچانک کوئی اسکے سامنے کرسی پر بیٹھ گیا اور فون اسکی جانب بڑھایا۔۔وہ حیرت سے اسے دیکھنے لگی اور ذرا سہم چکی تھی۔۔

میڈم میں ہادی ہوں جسکا آپ انتظار کر رہی ہے لے فون پر اپنے "دوست سے بات کرلے جس نے مجھے یہاں بھیجا ہے۔۔۔"

وہ ایک پینتیس سال کا دبلا پتلا بندہ تھا نارمل شلوار قمیض پہن کر ایک ہاتھ میں لیپ ٹاپ تھامے دوسرے ہاتھ سے موبائل اسکی جانب بڑھائے ہوئے اسی کی جانب سنجیدگی سے دیکھ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے کچھ سوچ کر فون اسکے ہاتھ سے لیا۔۔اور دوسری جانب سے آتی آواز سن کر مطمئن ہو چکی تھی۔۔۔

عمر تم! اچھا! اوکے! ہاں میں سمجھ گئی نہیں کوئی بات نہیں اوکے بائے۔

وہ فون بند کرکے اس شخص کا فون اسے واپس دیکر اب ریلیکس ہو گئی تھی۔

اچھا عمر ٹریفک میں پھنسا ہوا ہے تو کیا میں اپنی بات شروع کروں کیونکہ اسے آنے میں وقت لگے گا اور آپ کے پاس وقت نہیں ہے ایسا عمر نے کہا۔

اسکی بات سن کر ہادی ہلکا سا مسکرایا اور بولا۔

جی بالکل لیکن مجھے ہر بات بالکل تفصیل سے بتانی ہو گی آپ کو کیونکہ یہ کام ہی ایسا ہے اور میرے لیے ہر بات جاننا ہم دونوں کیلئے مفید رہے گا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہادی کی بات پوری ہوتے ہی اس نے گہرا سانس لیا اور بولنا شروع ہو گئی۔۔۔۔

میرا نام حبہ ہے اور میرے ڈیڈ گورنمنٹ ہاسپٹل کے ڈاکٹر تھے وہ زیادہ تر فورسینک ڈیپارٹمنٹ میں ہوتے تھے۔۔

اب حبہ اسے ساری باتیں بتانی لگی اور وہ لیپ ٹاپ آن کرتا اسکی باتیں سنتا جاتا اور لیپ ٹاپ پر انگلیاں چلاتا۔

حبہ کی بات پوری ہو چکی تھی۔۔

پلیز میری مدد کر دیں میرے لیے اس شخص کے بارے میں جاننا اب ضروری ہو چکا ہے۔۔

حبہ اس کی جانب دیکھتی ہوئی بولی تھی۔ تو وہ اسکی جانب دیکھے بغیر لیپ ٹاپ پر انگلیاں چلاتے ہوئے گویا ہوا۔

ہمم۔۔ٹھیک ہے آپ کو کل تک ساری انفارمیشن مل جائے گی مگر یہ ایک خاص ادارہ ہے جہاں سے یہ انفارمیشن نکالنی ہے کیونکہ آپ نے جو تاریخ اور جو نام اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واقعہ بتائے ہے انکا ریکارڈ کہیں بھی نہیں ہے مگر میں

یہ سب کرلونگا اور ایک بات معاوضہ صحیح دینا پڑے

گا یہ کام خطرے سے خالی نہیں اور کام ہوتے ہی ہم ایک

دوسرے کو نہیں جانتے اوکے۔

وہ ایک ہی سانس میں ساری بات بول کر اب حب کی

جانب دیکھنے لگا۔۔ توجواب میں حب نے اثبات میں

سر ہلایا اتنے میں عمر وہاں پہنچا جو حب کا کالج فرینڈ تھا اور

اسکے ساتھ ایک نفوس بھی تھا جسے دیکھتے ہی پل بھر کیلئے

حب اسکی پرسنالٹی میں کھو گئ تھی۔ تبھی عمر کی آواز پر وہ

ہوش کی دنیا میں واپس آئ۔

! ھیلو حب! اور ھیلو سر

دونوں کو باری باری ھیلو بولتا عمر بھی اب بیٹھ چکا تھا اور اپنے

ساتھ آئے ہوئے کو بیٹھنے کو کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں تو سر حبہ نے اپنا کیس آپ کو بتایا اور حبہ اب فکر مت کرو اور ہاں سر میں نے آپکو ایک لڑکی کے اغواہ کا کیس بتایا تھا یہ بندہ اسی سلسلے میں آیا ہے۔۔۔

عمر پھر سے مخاطب ہوا اور عمر کے کہتے ہی حبہ پھر سے اس شخص کی طرف دیکھنے لگی تھی اور عمر اب اپنے ساتھ آئے ہوئے شخص کے بارے میں بتانے لگا تھا۔۔

سر انکا نام صائم ہے یہ آٹھ سالوں سے اپنی بیوی کو ڈھونڈھ رہے ہیں انکے ساتھ جس جگہ وہ حادثہ پیش آیا تھا اس ایریا کے پولیس اسٹیشن پر کئی دفعہ کمپلین کر چکے ہیں مگر کچھ حاصل نہیں ہوا۔ یہ رہی انکی کیس کی ساری ڈیٹیل کی فائل۔

عمر نے ہادی کی جانب فائل بڑھائی جو اس نے لیکر کھولی اور دیکھنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمم یہ کیس اغواہ کا تو ہے مگر جس طرح کی ڈیٹیل اس میں لڑکی کے بارے میں دی گئی ہے مجھے لگتا ہے بلکہ افسوس ہے کہ ان کو کسی غلط مقام پر لے جایا گیا ہو گا مگر پھر بھی میں اس میں موجود ڈیٹیل کے مطابق چھان بین کرونگا مگر معاوضہ زیادہ دینا پڑے گا کیونکہ اس میں گشت کرنا پڑے گا اور دوسرا آپ یہاں کے ہے بھی نہیں صائم جی تو ایڈوانس؟؟؟

صائم نے ایک پیکٹ اس کی جانب بڑھایا اور بولا۔

سر بس اسے ڈھونڈھ لا دے میں خود کو بھیج کر بھی معاوضہ ادا کر دونگا۔

صائم کی آواز بھر آئی تھی ہادی نے پیکٹ لیکر مسکراتے ہوئے اسکی جانب دیکھا۔

لگتا ہے یہ کافی ہونگے بعد کی بعد میں دیکھ لے گے اوکے میں اب چلتا ہوں یہ کہہ کر ہادی اٹھنے لگا اور فائل اٹھاتے ہوئے فائل کا ایک پیج سرک کر باہر آیا جس پر حبہ کی نظر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پڑی ۔اس پر ایک خوبصورت لڑکی کی تصویر تھی۔

اس پر جو نام لکھا تھا وہ پڑھتے ہوئے حب کو اسکی قسمت پر رشک ہونے لگا جسے ایسا چاہنے والا ملا تھا جو اسے آٹھ سالوں سے ڈھونڈھ رہا تھا۔

!!!!!نمرہ

یہ نام پڑھتے ہوئے حب نے دوبارہ اک نظر صائم پر ڈالی تھی

۔۔۔

....

جابر دبئی سے آئی ہوئی ٹیم سے میٹنگ روم میں بیٹھ کر باتیں کر رہا تھا تبھی روم کا دروازہ کھلتے ہی سب اسی آنے والے کی جانب متوجہ ہوئے نیلی آنکھیں ہلکی بڑھی شیو بال جل سے سیٹ کیے بلیک شرٹ کے اوپر جیکٹ پہنے اور جینز میں وہ مضبوط جسم اور لمبے قد کا مالک ایک شہزادے کی طرح لگ رہا تھا۔اسے دیکھ کر سب اپنی نشستوں سے اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے ہاتھ کے اشارے سے سب کو بیٹھنے کا کہا اور خود سربراہی نشست پر بیٹھ کر سگریٹ سلگھا کر پینے لگا۔ تبھی اسکا رائٹ ہینڈ جابر اس سے مخاطب ہوا۔۔

سلطان!! یہ دبئی سے کوئی پروجکٹ لائے ہیں اور یہاں شروع کرنا چاہتے ہیں مگر ہمیں صرف 20٪ دینے کا کہہ رہے ہیں اور سیکورٹی بھی ہماری چاہیئے۔

جابر کی بات سنتے ہی سلطان نے سگریٹ کا کش لیا اور دھواں فضاء میں چھوڑتے ہوئے اٹھ گیا۔

جابر ان سے کہو چلے جائے میں بحث نا تو کرتا ہوں نا پسند اگر انکو ہماری شرطیں منظور نہیں تھی تو تم نے مجھے ڈسٹرب کیوں کہا۔

۔

سلطان جس شان سے آیا تھا اسی شان سے واپس چلا گیا جبکہ وہاں بیٹھا ہر نفس جو ویسے ہی اسے دیکھ کر دھنگ رہ گیا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب اسکے جاتے ہی ایک دوسرے کو دیکھنے لگے تھے۔

سلطان کے جاتے ہی جابر بھی اپنی نشست سے اٹھا۔

سوری یہ ڈیل فائنل نہیں ہو سکی آپ لوگ کوئی اور اسپانسر دیکھے یہ کہہ کر جابر بھی وہاں سے چلا آیا۔

سلطان آج دنیا کی نظر میں ایک بزنس مین اور اسپانسر ہے اسکی شخصیت سے کوئی بھی اسکا گرویدہ ہوجاتا ہے مگر وہ کئی غیر قانونی کاموں میں بھی ملوث رہ چکا تھا لیکن کسی کی وجہ سے سب چھوڑ چکا تھا۔۔

،،،

تین گھنٹے سے وہ لوگ اسکول کی بلڈنگ میں قید تھے۔

سب گھبرائے ہوئے تھے مگر سب سے ابتر حالت کومل کی تھی ۔اس نے اپنا پرس مضبوطی سے پکڑا ہوا تھا کیونکہ آج ہی اسے اسکی سیلری ملی تھی وہ ایک ٹیچر تھی ابھی تین مہینے پہلے ہی اپنا گریجویشن مکمل کر کے وہ اس اسکول میں ٹیچر کا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جاب کرنے لگی تھی اور ہر مہینے سیلری کے دن وہ یونہی پرس مضبوطی سے تھامے رکھتی۔

آج بھی سیلری ملتے ہی پولیس سائرنز کی آواز سے اسکول کے اطراف کا سارا علاقہ گونج اٹھا اور پھر یہ اعلان ہوا کہ جب تک پولیس کی تلاشی مکمل نہیں ہوتی کوئی بھی کسی بھی بلڈنگ سے باہر نہیں آئے گا۔

کومل بڑی سی چادر اوڑھے اور چادر سے ہی نقاب لگائے مکمل تیاری کے ساتھ کب سے کھڑی تھی اسے بس جانا تھا۔

اسکی بے چینی دیکھ کر پرنسپل اسکے پاس آئی۔

بیٹا کب تک کھڑی رہو گی بیٹھ جاؤ ابھی جب تک پولیس اعلان نہیں کرے گی ہم باہر نہیں جا سکتے۔

پرنسپل اسکے معاملات سے آگاہ تھی اور اسکی بے چینی اور ڈر کو سمجھ سکتی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پرنسپل کی جانب دیکھ کومل کرنے اثبات میں سر ہلایا مگر دل ہی دل میں وہ کچھ سوچ چکی تھی بس ہمت نہیں ہو رہی تھی مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اب اسکا ڈر بڑھتا جا رہا تھا۔

کومل پانی پینے کیلیۓ دوسری روم میں آئ تو اسکی نظر اسکول کے مین گیٹ پر پڑی جو ذرا سا کھلا تھا اور گارڈ وہاں موجود نہیں تھا بس اسنے ایک لمحہ ضائع کی بغیر باہر کی جانب قدم بڑھائے اور وہ کامیاب ہو گئ۔

وہ باہر آکر اپنے رستے چلنے لگی پرس کو ابھی تک مضبوطی سے پکڑا ہوا تھا تبھی اسے پیچھے سے کسی نے آواز دی۔

اے لڑکی کہاں جا رہی ہے رکو یہ پرس میں کیا ہے تمھارے اور کہاں سے آئ ہو۔

یہ کوئ پولیس کونسٹیبل تھا جسکی آواز سنکر کومل کی سانس جیسے رک چکی تھی اس نے ایک نظر بھی اسکی جانب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں دیکھا مگر جیسے ہی اسے لگا وہ کانسٹیبل اسکی جانب قدم بڑھا رہا ہے تو وہ بھاگنے لگی۔ کانسٹبل بھی اسکے پیچھے بھاگا مگر بڑی عمر کی وجہ سے زیادہ بھاگ نہیں سکا اسلئے واپس پولیس جیپ کے پاس آکر وائرلیس پر کسی سے بات کرنے لگا۔

کومل بھاگے جا رہی وہ اپنے اطراف سے بے خبر تھی مگر پرس مضبوطی سے تھامے ہوئی تھی۔ تبھی وہ کسی کی چوڑی چھاتی سی ٹکرائی اور اس سے پہلے کے وہ گرتی کسی نے اسے تھام لیا تھا۔

کومل اب ہانپ رہی تھی اور ڈر کے مارے کانپ رہی تھی۔ تبھی اس کے کانوں میں سامنے والے کی بھاری مردانہ آواز گونجی۔

اے لڑکی کہاں سے آئی ہے اور کہاں بھاگ رہی تھی۔۔۔

کومل نے اسکی جانب دیکھا خاکی یونیفارم لمبا قد مردانہ وجاہت کا شاہکار سفید رنگت آنکھوں پر کالا چشمہ لگائے وہ سنجیدگی سے کومل کو دیکھ کر سوال کر رہا تھا۔

کومل کی طرف سے کوئی جواب نا پا کر وہ اب کی بار ذرا زور سے بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آواز نہیں آرہی تمھیں کیا؟؟؟

کومل اب سہم گئی اور رونے لگی۔

میں کومل ہوں اسکول ٹیچر ہوں گھر جانا ہے مجھے۔۔۔

کومل روتے ہوئے بولی ۔

اچھا گھر جانا ہے بیٹھو جیپ میں اور پہلے اپنا اسکول بتاؤ مجھے!!!۔

اسکی بات سنکر کومل سر ہلاتی اس سے پہلے جیپ میں بیٹھنے لگی جو وہی کھڑی تھی۔

------------------------......................--------------

پرنسپل سے معلومات لینے کے بعد وہ کومل کے ساتھ ہی اسکول سے باہر آیا۔

کومل اپنے راستے چلنے لگی تبھی جیپ میں موجود وائرلیس کی بیپ سنتے ہی وہ جیپ میں جا کر بیٹھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایس پی حارث ایریا کلییئر ہے کچھ نہیں ملا۔

وائرلیس پر کسی پولیس والے کی آواز گونج رہی تھی جو اسی کو پیغام دے رہا تھا۔

ایس پی حارث ہیئر!! او کے سب سے کہو واپس چلے یہ میرا آرڈر ہے۔۔۔۔

حارث نے کہہ کر جیپ اسٹارٹ کی اور آگے چلتی ہوئی کومل کے پاس آکر روک دی۔

مس کومل آپ کو چھوڑ دیتا ہوں پلیز بیٹھ جائے کیونکہ ابھی ٹرانسپورٹ بالکل بند ہے تو پلیز!!

حارث کے بلانے پر کومل چونکی تھی اور نفی میں سر ہلاتی آگے بڑھی کہ اچانک کہیں سے گولیاں چلنے لگی۔::::::

گولیوں کی آواز سن کر حارث ہوشیار ہو چکا تھا مگر کومل کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوش اڑ گئے تھے وہ گھبراہٹ کے مارے وہی منجمد ہو گئی تھی

۔

!!!مس کومل !!اندر آئے جلدی !!!جلدی

حارث چلاتے ہوئے اسے آواز دے رہا تھا مگر کومل کو

کچھ سنائی دے رہا تھا وہ کانپنے لگی تھی۔

حارث فوراً جیپ سے اترا اور اس کے پاس آکر اسے آواز دینے لگا

مس کومل آپ کو سمجھ نہیں آرہی کیا اندر جیپ میں بیٹھے

!! جلدی فلحال !!یہاں رکنا خطرے سے خالی نہیں

فلحال !!لفظ سنتے ہی کومل ہوش میں آئی اس کیلئے یہ لفظ

ایک نحوست سے کم نہ تھا۔ اسکا ڈر اب مزید بڑھ

گیا تھا یہ لفظ سن کر وہ پھٹی آنکھوں سے حارث کو دیکھنے

لگی تھی تبھی جیپ میں موجود وائرلیس کی بیپ سنتے ہی حارث

کومل کا ہاتھ تھامے اسے جیپ کے پیچھے کی نشستوں پر بٹھانے لگا

جلدبازی میں کومل کا پرس اسکے کندھے سے لڑک کر گرا تو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جیپ سے اترنے لگی جس پر حارث کو غصہ آیا اور پرس اٹھا کر اسکی جانب تقریباً پھینکتے ہوئے فرنٹ سیٹ کی جانب لپکا اور ڈرائیو کرتے ہوئے وائرلیس پر بات کرنے لگا

یس اے ایس پی حارث ہیئر !!!

اس نے وائرلیس پر پیغام دیا تو آگے سے کسی کی آواز آئی

سر بلیک کلر کی کرولا فل اسپیڈ میں اسی طرف آرہی ہے فولو کریں سر !!

حارث کے چہرے پر فاتحانہ مسکراہٹ پھیل گئی تھی

۔

آج تو تم نہیں بچو گے مسٹر x!!!

یہ کہہ کر اس نے جیپ کی اسپیڈ تیز کر دی اور جیپ میں موجود ٹیپ آن کیا جس میں عظیم سنگر ملکہ ترنم نور جہاں کا مشہور گانا گونجنے لگا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھ سے پہلی سی محبت میرے محبوب نامانگ۔۔۔۔۔۔۔۔

کومل جو گبھرائی ہوئی اور کسی دردناک سوچ میں تھی گانے کی آواز پر چونکی اسے حارث کی دماغی حالت پر شبہ ہونے لگا۔۔۔

تبھی ایک بلیک کرولا جیپ کو کراس کرتی فل اسپیڈ میں آگے نکلی تو حارث نے بھی جیپ کی رفتار مزید تیز کرتے ہوئے اسکا پیچھا کیا اور اسے وارن کرنے کیلیے سائرن آن کیا۔

کومل گانے کی اور اب سائرن کی ملی جلی آوازیں سن کر مزید پریشان ہو چکی تھی۔وہ ڈر کے مارے سفید پڑ چکی تھی۔

تبھی کرولا ایک سنسان کچھی سڑک کی جانب مڑی اور اسکے پیچھے پولیس جیپ بھی سڑک پر نظر پڑتے ہی کومل کو اپنا گھر یاد آیا۔

"اس پی سر یہاں سے آگے ہی میرا گھر ہے۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر حارث کو اسکی آواز سنائی نہیں دی یا شاید اسکا دیھان کو x اسکی طرف تھا ہی نہیں وہ بس ہر حال میں آج مسٹر رنگے ہاتھوں پکڑنا چاہتا تھا....اور کومل تر تر کانپ رہی تھی گاڑی کی اسپیڈ کی وجہ سے وہ کئی بار سیٹ سے گرتے گرتے بچی تھی۔

دونوں گاڑیاں فل اسپیڈ میں سڑک پر دوڑ رہی تھی کہ حارث نے ایک غیر آباد مقام پر گن کا نشانہ کرولا کار کی ٹائر پر رکھ کر فائر کیا جس سے وہ آپے سے باہر ہوتے ہوئی لڑکتی ہوئی سڑک سے اتر کر ایک درخت سے جا ٹکرائی

اور اس میں موجود شخص پر تیلے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے کار کے تصادم سے پہلے ہی کار سے کود چکا تھا اور اب خود کو کمپوز کرتا ہاتھ میں گن تھامے کھڑا ہوا اسنے اپنے چہرے پر ماسک پہن رکھا تھا۔

حارث بھی جیپ اسکے قریب روک کر اب اسکے سامنے گن تھامے کھڑا ہو چکا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلو گن پھینکو اور یہ ماسک x ہوشیاری مت کرنا سمجھے مسٹر اتارو ابھی !!!!

حارث گراتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

کی نظر جیپ سے اترتی کومل پر پڑی تو اسکے x جبکہ مسٹر چہرے پر ایک فاتحانہ مسکراہٹ رقص کرنے لگی تھی جسے ماسک کی وجہ سے حارث نہیں دیکھ پایا تھا۔

لڑکی کو پکڑ !!!!

چلایا تو حارث کو کومل کا خیال آیا اور وہ جونہی کومل کو x مسٹر نے اسکی گن کی طرف x دیکھنے کیلئے پیچھے مڑا مسٹر فائر کیا جس سے حارث کا ہاتھ زخمی ہوگیا اور گن اسکے ہاتھ سے گر گئی۔

جیپ میں چلنے والے گانے کے علاوہ پوری فضاء میں سناٹا چھا گیا۔

وہ فائر کرتے ساتھ ہی کومل کی طرف تیزی سے بھاگا اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نے x اس سے پہلے کے کومل یا حارث کو کچھ سمجھ آتا مسٹر کومل کو پکڑ کر گن اسکے سر پر رکھی اور حارث کو اشارہ سے کوئی حرکت نا کرنے کی تنبیہ دیتا ہوا وہ کومل کو ڈھال بنا کر جیپ کی طرف بڑھا اور پلک جھپکتے ہی جیپ میں بیٹھ کر اسے اسٹارٹ کرتے ساتھ ہی کومل کو دور دھکیلتے ہوئے وہاں سے نکل گیا۔۔۔

کومل بہت بری طرح زمین پر گری تھی اور اسکا نقاب بھی اب ڈھیلا ہو کر سرک چکا تھا وہ رونے لگی تھی۔

جیپ کے نکلتے ہی حارث نے اپنا موبائل نکالا اور ہیڈ کوارٹر کال ملا کر کچھ ہدایات دینے لگا۔

اسکی بات ختم ہوتے ہی اس نے کومل کی طرف دیکھا اور موبائل جیب میں رکھتے ہوئے رومال نکال کر اپنے زخمی ہاتھ پر لپیٹتے ہوئے کومل کی جانب بڑھا۔۔۔

مس کومل آپ ٹھیک تو ہے ؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کومل جو ابھی تک ڈری ہوئی تھی حارث کی آواز پر چونکتے ہوئے اسکی جانب دیکھنے لگی اور حارث اسے دیکھ کر اپنی تکلیف بھول گیا تھا۔۔۔

وہ ایک معصوم گڑیا کی مشابہت تھی نازک سی پیاری سی گوری گوری ۔۔

پریٹی ڈول۔۔!!

حارث منہ ہی منہ بڑبڑایا جو کومل سن نا سکی تھی۔۔

اپنی جانب اسے تکتا دیکھ کر کومل اپنے آنسو پونچھتے ہوئے آٹھی اور اثبات میں سر ہلایا۔۔۔

گڈ! میں نے دوسری گاڑی منگوالی ہے وہ تھوڑی دیر میں آجائے گی سوری مجھے اندازہ نہیں تھا کہ ایسا کچھ ہوگا اور فلحال انتظار کرنے کے سوا اور کچھ کر نہیں سکتے ...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سچ میں شرمندہ تھا کہ وہ کومل کی گاڑی میں موجودگی بھول گیا تھا۔۔۔مگر کومل فلحال لفظ سنتے ہی اب اس لفظ کی نحوست سے ڈرتے ہوئے اٹھنے لگی تھی اسے اب یہاں سے جانا تھا۔۔

تبھی دور سے اک رکشہ آتا دیکھ کر کومل اپنا نقاب لگاتے ہوئے روڈ کی جانب گئ اسکی چال میں بھی فرق آچکا تھا اور کپڑوں پر جگہ جگہ دھبے۔۔۔۔۔

وہ پہلے کی طرح اپنا پرس سنبھالتے ہوئے رکشہ کو رکنے کا اشارے کرنے لگی۔۔

جبکہ حارث صرف اسے دیکھتے جا رہا تھا اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ اس سے کیا کہے وہ بس اسکی آنکھوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

رکشہ رکا اور وہ اسے اپنی منزل کا کہہ کر جا چکی تھی مگر حارث اسے جاتا ہوا دیکھ کر ایک آہ بھر تا گنگنانے لگا تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تیری آنکھوں کے سوا دنیا میں رکھا کیا ہے۔۔۔۔

‘

‘‘

گاڑی سڑک پر دوڑاتے ہوئے مسلسل پیچھے مڑ مڑ کر x مڑ دیکھ رہا تھا تبھی اسکا موبائل بجا اور اس پر کالر نیم دیکھ کر اس نے سکون کا سانس لیا۔۔

"""ھیلو جابر!!!مال محفوظ مقام پر پہنچا دیا ہے نا۔"""

جی سر!!مگر آپ کو کیسے پتہ چلا کہ پولیس وہاں آئے گی؟ اور آپ نے جو کیا اگر کچھ گڑ بڑ ہو گئ تو؟

جابر پریشان ہوتا ہوا بول رہا تھا۔۔

کچھ نہیں ہو گا میں تمھیں لوکیشن بھیج رہا ہوں مجھے بتاؤ یہاں کوئی چھپنے کا ٹھکانہ ہے یا نہیں کیونکہ میں پولیس جیپ میں ہوں اور میں زیادہ دیر تک اس میں بیٹھے رہنا ٹھیک نہیں ہو گا وکے۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ فون بند کر کے لوکیشن سینڈ کرنے لگا اور تھوڑی دیر میں اسے ایک ایڈریس کا ایس ایم ایس مل چکا تھا۔۔

وہ پولیس کی جیپ سڑک کے اندرونی حصے میں کھڑی کر کے اب مطلوبہ پتہ کی جانب پیدل چلنے لگا تھا۔۔۔۔

کومل کو گھر آنے میں کافی دیر ہو چکی تھی۔ گھر میں موجود اسکا ماموں بے چینی سے اسکا انتظار کر رہا تھا۔ کیونکہ کومل کے والدین اسکے بچپن میں ہی ایک حادثہ میں مر چکے تھے تب سے وہ اپنے ماموں کے ساتھ رہتی

تھی۔ جو کسی جلاد سے کم نہ تھا ایک جواری اور نشئی انسان۔

آج کومل کو تنخواہ ملے گی تبھی تو اسے بے چینی سے اسکا انتظار تھا۔۔

دروازہ بجتے ہی وہ دوڑتا ہوا دروازہ تک گیا مگر کومل کے بجائے کسی اور کو دیکھ کر وہ خوش ہوا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئے جناب آئے آپ اور میرے غریب خانہ میں مجھے جابر بھائی نے فون کیا تھا سر جی میں آپکا پرانا چوکیدار مراد ہوں آپ نے پہچانا ہوگا ضرور ۔۔۔۔

مگر آنے والا چہرے پر بغیر کسی تاثر کے اندر کی جانب بڑھا جہاں دو کمرے اور ایک کچن کے اسے کچھ اور نظر نہیں آیا۔۔۔

وہ چہرے پر ناگواری لیے مراد کی جانب دیکھ کر پوچھنے لگا۔۔

باتھ روم کہاں ہے؟؟؟

جی جناب اس کمرے میں ہے۔۔ آپ اسی میں رہے جب تک جابر بھائی گاڑی نا بھیجے میں تب تک آپ کیلیے کچھ کھانے کو لاتا ہوں ۔یہاں ایک زبردست ہوٹل ہے اور آپ فکر نا کرے جابر بھائی مجھے سب بتا چکے ہیں۔

وہ مراد کی بات کا جواب دیئے بغیر کمرے کی جانب گیا اور مراد گھر سے باہر چلا گیا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

---''-------------------------

حارث اس وقت پولیس ٹیم کے ہمراہ جیپ کے پاس کھڑا تھا۔۔

وہ زیادہ دور نہیں گیا ہو گا نفری بڑھاؤ اور پولیس منگواؤ اور فوراً یہاں ""ایک چوکی قائم کرو۔۔۔۔"

یہ کہتے ہوئے حارث کو ذرا فاصلہ پر آبادی نظر آئی تو وہ کچھ پولیس والوں کو لیکر اسی جانب بڑھا۔۔۔

--------------------------------------.........................''''''''''''''''''''''''''''

کومل گھر پہنچی تو وہ بہت کمزوری محسوس کرنے لگی تھی گھر میں مراد کو نا پا کر وہ ذرا پریشان ہوئی کیونکہ آج کے دن اس وقت اس کا یہاں موجود نا ہونا اسے عجیب لگا۔وہ اپنی چادر اتار کر ایک طرف رکھتے ہوئے کپڑے بدلنے کے غرض سے چھت پر سوکھا ہوا ایک لان کا سادہ سا سوٹ لیے باتھ روم کی جانب بڑھی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کپڑے ایک طرف رکھ کر جیسے ہی باتھ روم کی جانب بڑھی باتھ روم کا دروازہ کھولتا ایک نوجوان اسے بغیر قمیض کے باہر آتا دکھا۔ ایک اجنبی کو اسطرح دیکھ کر کومل کے اوسان خطا ہو چکے تھے وہ منہ موڑ کر وہاں سے بھاگنے لگی تھی کہ اسے اس نوجوان نے پیچھے سے دبوچ لیا۔۔اور اسکے منہ پر ہاتھ رکھ دیا تاکہ اسکی آواز نا نکل سکے۔۔ کومل بن پانی کی مچھلی کی طرح تڑپنے لگی تھی وہ خود کو چھڑانے کی ناکام کوشش کر رہی تھی جبکہ مقابل کیلئے اسے کنٹرول کرنا بہت آسان تھا۔۔۔

اے لڑکی اگر منہ سے آواز نکالی تو سوچ لو تمھارے ساتھ یہاں کیا" ""ہو سکتا ہے۔

اسکی بات سن کر کومل کی حالت ابتر ہونے لگی تھی اور آنکھوں سے آنسو بہنے لگے تھے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جونہی کومل کے آنسوؤں سے اسکا ہاتھ بھیگنے لگا جس سے اس نے کومل کا منہ دبوچا ہوا تھا تو اس نے ہاتھ کی گرفت ڈھیلی کر دی۔۔

کومل کی سانسیں بحال ہوئی تو وہ کھانستے ہوئے اس سے دور ہوئی اور کمرے سے باہر آئی ۔۔

اس سے پہلے کی وہ سنبھلتی دروازہ زور زور سے بجنے لگا تو وہ دروازہ کی طرف دوڑی مگر اس سے پہلے کہ وہ وہاں تک پہنچتی ایک بار پھر وہ اسکی گرفت میں تھی۔

اس نے کومل کو پکڑ کر دیوار سے لگایا اور اسکے بے حد قریب آیا اتنے قریب کہ کومل کو سانس لینا مشکل ہو رہا تھا۔

اے لڑکی اگر میرا کسی کو بتایا نا تو پتہ ہے نا؟؟؟

کومل اسکی ادھوری بات کا مفہوم سمجھتے ہوئے ڈر کر اثبات میں سر ہلانے لگی ۔

اب اس نے کومل کو اپنے مضبوط ہاتھوں سے آزاد کیا اور دروازے کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانب جانے کا اشارہ کیا تو کومل اپنا چادر سر پر اوڑھے دروازے کے جانب بڑھی اور بغیر کھولے پوچھا۔۔

کون ؟؟؟

تو آگے سے آواز آئی۔۔

!!! پولیس

پریشان ہو چکا تھا۔۔۔ x جسے سنکر کومل سے زیادہ وہاں موجود مسٹر

وہ رات کے خواب کے بعد اب تک سو نہیں پایا تھا۔۔رات کے تین بجے جو وہ اٹھا تھا تب سے ایکسر سائز روم میں وہ مختلف ایکسر سائزز کر رہا تھا مگر پھر بھی وہ گولی کی گونج وہ خواب جو اسکے ذہن پر پچھلے تین سالوں سے سوار تھے ان سے پیچھا نہیں چھڑا پا رہا تھا۔۔

صبح کی ہلکی روشنی پھیلتے ہی وہ اب اپنے بنگلہ سے باہر جاگنگ سوٹ میں ملبوس جاگنگ کر رہا تھا اور اسکے ساتھ اسکے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دو باڈی گارڈ بھی جن سے اسے تو چھڑ سی تھی مگر اپنے والد کی وجہ سے برداشت کرلیتا تھا۔۔۔بقول جنکے بڑے بڑے بزنس مینز کیلیے یہ سب لازم ہے ۔۔۔

وہ جاگنگ کے بعد اب بنگلہ میں آکر گارڈن کی طرف گیا جہاں اسکے والد ہمیشہ کی طرح چاۓ اسکے ساتھ پینے کیلیے اسکے انتظار میں تھے۔

!!!گڈمارننگ مائے بوائے

اسے جاگنگ سے آتا دیکھ اسکے والد نے اسکی طرف محبت سے دیکھتے ہوئے پرجوش انداز میں کہا۔۔۔

جسکے جواب میں وہ بھی مسکراتے ہوئے انکے پاس آکر سامنے کی کرسی پر بیٹھ گیا اور ٹرالی میں موجود جوس کا گلاس اٹھا کر پینے لگا۔۔اور اب دونوں ہلکی پھلکی بات چیت کرنے لگے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹا میں آج شام کی فلائٹ سے جا رہا ہوں وہاں کمپنی کی ڈیل تسلی بخش نہیں ہوئی ہے تو تم اپنا خاص خیال رکھنا اور ڈاکٹر کی اپائنمنٹ کی ڈیٹ یاد رکھنا۔۔

ڈاکٹر کا نام سنتے ہی اسکے چہرے پر ناگواری اتر آئی تھی۔۔۔

ڈیڈ میں اب ٹھیک ہوں اور ڈاکٹر کی نیڈ آپکو ہے مجھے نہیں اینڈ ٹریول آپ کیلئے ٹھیک نہیں ہے اسلئے آپ رہنے دیں میں چلا جاتا ہوں۔۔۔

یہ بات جیسے ایک دھماکہ تھا گرتی چائے کی پیالی کو سنبھالتے ہوئے وہ اپنے بیٹے سے گویا ہوا۔

نہیں بیٹا تمھیں اس ڈیل کے بارے میں کچھ پتہ نہیں ہے اسلئے میرا جانا ضروری ہے اور ویسے بھی تم نے یہاں سب سنبھال لیا ہے تو پھر یہی رہو اور مجھے گھومنے پھرنے دو!!!

آخری فقرے پر دونوں ہنس پڑے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوکے ڈیڈ میں چلتا ہوں فریش ہونے۔۔

""""""""""""""""""""""""""""""""!!!!!!!!!!!!!!!!!!!!!!!!""""""""""""""""""""""""

آج پھر سے زرار اور بانو اس گراہک سے بحث کر رہے تھے۔۔

دیکھوں بھائی ایک تو تم اپنا نام نہیں بتاتے اور دو سالوں سے چاند کے پیچھے پڑے ہو جبکہ ہم بتا بتا کر تھک چکے ہیں کہ اسکے جلوے صرف دیکھنے کیلئے ہیں اسے چھونے کی حیثیت کسی میں بھی نہیں اسلئے آئندہ اگر آئے تو دھکے مار کر باہر نکال دیئے جاؤ گے۔۔۔

بانو بیگم یہ کہہ کر اندر کی جانب چلدی اور زرار اس بندے کو اب باہر دھکیلنے لگا تھا۔۔۔۔

بانو اندر آئی تو اسکی نظر دانی پر پڑی جو ہاتھ میں کچھ کپڑے لیے گنگناتے ہوئے جا رہی تھی۔

اے دانی کہاں جا رہی ہے؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بانو کی آواز پر دانی ایک دم رکی اور اسکی جانب دیکھ کر منہ ہی منہ بڑبڑائی۔۔

موٹی چڑیل!!!!

کیا کہاں؟؟؟

دانی کی بڑبڑاہٹ سنکر بانو نے پوچھا تو وہ مٹک مٹک کر اسکے پاس آئی۔۔

کچھ نہیں بانو بیگم میں تو بس ستارہ کیلئے کپڑے دیکھ رہی تھی ۔

دانی نے مسکراتے ہوئے جواب دیا تو بانو اسکے ہاتھوں میں موجود کپڑوں کو ٹٹولتے ہوئے بولی۔۔

یہ نہیں آج دونوں کیلئے میں نے سوٹ نکال کر رکھے ہے وہی پہنے گیں وہ تم آکر لے جاؤ۔ چلو!!

بانو کے چلتے ہی دانی بھی اسکی ہم قدم ہوئی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پولیس لفظ سنتے ہی دونوں کی حالت ابتر ہو چکی تھی۔

تبھی مراد کی آواز بھی آنے لگی جو پولیس سے بحث کر رہا تھا۔۔

یہاں کوئی نہیں آیا چلو جاؤ کوئی تلاشی کی ضرورت نہیں۔۔۔

مراد پولیس والوں سے بحث کر رہا تھا۔ جسے سنکر کومل دروازہ

نے ایک بار پھر اسکی کلائی دبوچ لی تھی x کھولنے لگی ہی تھی کہ مسٹر

جسکی تکلیف سے کومل کی منہ سے ہلکی چیخ نکلی اور یہی وہ لمحہ

نے اسے غور سے دیکھا اسے وہ ایک پری کی x تھا جب مسٹر

مانند لگی اسکی آنکھوں کے آنسو اس سے دیکھے نہیں جا رہے تھے تو

فوراً اسکی کلائی سے اپنی گرفت ہٹا کر وہ پیچھے ہوا اور کومل اب

دروازے کی جانب بڑھی جہاں اب مراد کے ساتھ اسے

ایک اور شناسا آواز بھی سنائی دی

اس پی حارث !!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے دل میں کہا اور دروازہ کھولا تو سامنے کا منظر دیکھ کر گھبرائی کیونکہ حارث نے مراد کی گریبان پکڑی ہوئی تھی۔۔

تم ویسے بھی کئی بار حوالات کی ہوا کھا چکے ہو اتنے گرے ہوئے ہو کہ کوٹھ سے بھی تمھاری شکایات آتی ہے

حارث مراد کے گریبان کو اب اپنے دونوں ہاتھوں پکڑے ہوئے اس سے تیز آواز میں ہمکلام تھا جسے سنکر کومل کو اپنے آپ سے شرم آنے لگی کہ وہ مراد جیسے بندے کی بھانجی ہے۔

رکیں سر!!!

یہ آواز سنتے ہی حارث دروازہ کی جانب مڑا تو اسے کومل نظر آئی۔۔

مس کومل آپ؟؟!!!

حارث کومل کو وہاں دیکھ کر حیران ہو چکا تھا

جی یہ میرے ماموں ہے اور یہ میرا گھر ہے۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کومل کی بات سنکر حارث نے مراد کو چھوڑا اور کچھ پولیس والوں کے ساتھ گھر کے اندر داخل ہوا۔

انھیں اندر آتا دیکھ کر کومل کی سانسیں تیز ہونے لگی تھی اور مراد بھی

اب دوبارہ بحث کرنے لگا تھا مگر حارث اندر داخل ہو گیا اور چھوٹے سے گھر کی تلاشی لینے لگا۔۔۔

سب جگہ دیکھ لینے کے بعد حارث نے باقی پولیس والوں کو باہر جانے کا کہا اور خود کومل کے قریب آکر رک گیا۔۔

اور کون کون رہتا ہے اس گھر میں؟

حارث نے کومل سے پوچھا۔۔۔

صرف میں اور میرے ماموں۔۔۔

حارث کو جواب دیکر کومل اندر گئی تو حارث مراد سے ساری تفصیل لینے لگا۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارث کے جاتے ہی مراد اندر آکر کومل کا پرس ٹٹولنے لگا اور پیسے دیکھتے ہی خوش ہو کر گننے لگا۔۔

آج تو عیش کرونگا بس زرار کی نظر نہ پڑے۔۔۔

مراد پیسے گنتے ہوئے بول رہا تھا جبکہ کومل بس ہمیشہ کی طرح افسوس کرنے کے علاوہ اور کچھ نا کر سکی۔۔۔۔

....

مسٹر x اب ایک کار سے اتر کر اپنے رائٹ ہینڈ کو کال ملا رہا تھا۔۔

ہیلو میں پہنچ گیا ہوں اور جلدی سب کو اکٹھا کرو مجھے پتہ لگانا ہے کہ پولیس تک یہ خبر کیسے گئی۔۔۔

وہ فون بند کرتا ایک کمرہ میں گیا اور اب ڈریسنگ کی جانب چلا گیا۔۔

چینج کرنے کے بعد اب وہ آئینہ کے سامنے کھڑا اپنی تیاری کر رہا تھا تبھی اسکی آنکھوں کے سامنے کومل کا معصوم چہرہ اور نم آنکھیں لہرانے لگی اور جب وہاں سے نکلتے ہوئے وہ چھت کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانب بڑھا تھا اور مڑ کر آخری بار کومل کو دیکھا تھا تو اسکا سراپا اسکی نظروں میں سماں گیا ۔وہ مسکرانے لگا کہ دروازہ پر دستک کی آواز سے خیالوں کی دنیا سے باہر آیا۔۔۔۔

کون؟؟؟؟

اسنے پوچھا تو آگے سے ملازم نے جواب دیا۔۔۔

سر وہ آپکی دادی بلا رہی ہیں۔۔

اوکے !!

ابھی حارث پوری بات کہہ بھی نا پایا تھا کہ رپورٹ میں سلطان کی بیوی کا نام دیکھ کر قرب و غصے سے پاشا کا گریبان پکڑے اسے مارنے والا ہی تھا کہ طلال کی آواز پر رکا۔۔

رکو اے سی پی صاحب۔۔

یہ تو ہم میں عام ہے ہم اپنے راستے کے کانٹے ایسے ہی ہٹاتے ہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر اب کی بار مسئلہ ذرا پیچیدہ ہے تو اب تو سمجھ چکے ہونگے کہ
نے ایسا کیوں کیا ہوگا اس بار ہمارا مسئلہ x سلطان عرف مسٹر
جلد حل ہو گیا تو سلطان کو اپنی محبوبہ چاہیے جلدی۔۔

حارث نے طلال کو مارنا شروع کیا اور تب تک اسے مارتا رہا
جب تک اسے لہولہان نہ کیا۔

پاشا کچھ دیر تک سب دیکھتا رہا کیونکہ طلال کو مار کھاتا دیکھ اسے
مزہ آرہا تھا پھر حارث کو ھتاے پیچھے کیا۔

اس پی سر میرے ساتھ چلیں میں کچھ دکھانا چاہتا
ہوں۔۔۔۔

پاشا حارث کے ساتھ وہاں سے نکلا مگر طلال کا شیطانی ذہن
اب بدلہ لینے کا ارادہ کر چکا تھا۔۔۔

------.........................

حارث پاشا کے ساتھ ہوٹل کے اسی کمرے میں موجود تھا
جسے سلطان نے کومل کی تصویروں سے سجا رکھا تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پاشا نے ایک اور وار کیا۔

سر یہ دیکھے میڈم اور سلطان سر کے نکاح کے پیپر اب آپ انھیں چھوڑ دے سلطان یہی چاہتا ہے۔۔

حارث جو پاشا کو جان سے مار ڈالنے کا سوچ چکا تھا کیونکہ اسکا دل کسی بھی بات کو ماننے کو تیار تھا۔۔

اسی وقت حارث کا فون بجا جو قاسم کا تھا۔۔

سر جلدی آئے کچھ لوگو نے گھر پر حملہ کر دیا ہے اور کومل جی کو زبردستی اٹھا کر لے گے ئے ۔۔

یہ سنناتھا کہ حارث وہاں سے بھاگتے ہوئے باہر کی جانب گیا۔۔

پاشا حارث کو اس طرح جاتا دیکھ کر حیرت میں پڑ گیا ابھی وہ بھی ہوٹل سے باہر آیا تھا کہ طلال نے اسے فون کیا۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ھیلو سلطان کے چمچے میرا کام ہو گیا ہے اب سلطان سے کہنا کہ بچا سکتا ہے تو آ کر بچا لے اپنی محبوبہ کو میں وہی ہوں اپنے ٹھکانے پر۔۔۔۔

پاشا اب پریشان ہو گیا تھا وہ کچھ سوچ کر سلطان کے پاس گیا۔۔

....

سلطان کا ہر وار پاشا سہہ رہا تھا مگر چھپ تھا۔۔

تم نے اتنی بڑی غلیظ حرکت کی اسے داغ دار بنایا اسکی پاکیزگی پر تہمت لگائی تمھاری اتنی ہمت کیسے ہوئی۔

سلطان نے مار مار کر پاشا کی حالت ابتر کر دی تھی۔۔

سر مجھ سے آپکو اس تکلیف میں دیکھا نہیں جاتا سر پلیز چلیے پہلے میڈم کی جان خطرے میں ہے طلال اسے لے گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان نے ایک قرب سے آنکھیں بند کی تھی مگر جب کھولی تو انگارہ بن چکی تھی۔۔

حارث کو فون کرو اور اپنی ٹیم کے ساتھ وہاں آنے کا کہو اور اٹھو چلو۔۔

.....................۔۔''''''''''''

وہ دروازہ توڑ کر اندر داخل ہوا چہرہ غصہ سے لال ہو رہا تھا آس پاس نظر دوڑاتے ہوئے اس کا چہرے پر تڑپ اور جنون واضح تھا۔۔۔

کمرہ میں سوائے کارٹنز اور مختلف کبھاڑ کے اور کچھ نہ تھا

۔۔

اسنے تیزی سے اندر کی جانب قدم بڑھائے تھے وہ ہر طرف دیوانوں کی طرح اسے ڈھونڈھ رہا تھا۔اچانک اسے ایک کونے میں اس کا ساکت وجود نظر آیا۔۔وہ تیزی سے دوڑتا ہوا اسکے قریب گیا اور اسے اپنی باہوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں لیکر اسکا تنفس چیک کیا۔۔

اسنے سکون کا سانس لیا کیونکہ اسکی سانسیں چل رہی تھی

ھیلو جلدی سے ایمبولینس ارینج کرو جلدی!!!!

وہ فون رکھ کر اسے اپنے دل کے اور قریب لاکر آنکھیں بند کیے

رونے لگا۔۔اچانک اس نے اپنی بند آنکھوں کو کھولا اور اسکے بے

ہوش چہرے پر قہر آمیز نظر ڈال کر اسکے نازک گال پر

ایک زوردار تمانچہ مارا اور اسکی گریبان پکڑ کر دھاڑا

مجھے دھوکا دیا آخر کیوں!!!!!

کیوں!!!

وہ ناجانے کتنے تھپڑوں کی مہر اسکے خوبصورت چہرے پر ڈال چکا

تھا جسکی گردن گریبان پکڑنے کی وجہ سے جھول رہی تھی۔

اسنے اسکا چہرہ تھاما اور اپنے قریب کیا۔۔

نکاح پر نکاح جیسا گناہ کیا تم نے کیو آخر کیو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ یہ کہتے ہوئے پھر سے اسے اپنی بانہوں میں لیے رونے لگا تبھی اسے فائرنگ کی آواز آئی۔۔۔

ھیلو قاسم مجھے کور دو میں باہر آرہا ہوں۔۔۔

حارث جو پاشا کے فون کے بعد طلال کے ٹھکانے پر پہنچا تھا اپنے راستے میں آنے والی ہر رکاوٹ کو ختم کرتا کومل تک پہنچ چکا تھا اور اب اسے اٹھائے باہر کی جانب بڑھا۔۔

باہر سلطان بھی اپنے بندو کے ساتھ پہنچ چکا تھا۔

سلطان کا ٹارگٹ طلال تھا۔۔

وہ طلال کو ڈھونڈھتا ہوا وہاں آگیا جہاں حارث کومل کو اپنی بانہوں میں لیے اپنی جیپ کی طرف آچکا تھا۔۔

حارث نے بھی سلطان کو دیکھ لیا تھا اب وہ بھی کومل کو گاڑی میں لٹا کر قاسم کو ہدایت دیکر سلطان کی طرف بڑھا۔۔

سلطان اور حارث ایک دوسرے کے آمنے سامنے کھڑے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارث کومل کے ساتھ رہو کسی پر بھروسہ مت کرو اور کومل کے بارے میں جس نے جو کہا سب بکواس تھا وہ سب جھوٹ تھا۔

سلطان ابھی اپنی بات پوری بھی نہ کر پایا تھا کہ چاروں طرف سے گولیاں چلنے لگی سلطان تو بچ گیا مگر حارث وہی گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا۔۔

سلطان اس کے پاس آیا اور قاسم بھی دونوں نے مل کر حارث کو گاڑی میں منتقل کیا اب قاسم گاڑی میں دو نفوسوں کو لیے ہسپتال پہنچ کر جواد کا انتظار کرنے لگا تھا۔۔

اور یہاں سلطان پاشا سمیت طلال کے سارے بندوں کا صفایا کرنے کے بعد طلال کو ڈھونڈھ رہے تھے۔

پاشا نے طلال کو دیکھ لیا تھا جو موقع دیکھ کر گاڑی میں بیٹھا فرار ہونے والا تھا مگر پاشا نے اسے فرار ہونے نہ دیا اور اب دونوں کے بیچ لڑائی شروع ہو چکی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پاشا ہمت ہار کر نیچے گرا مگر زور زور سے ہنسنے لگا۔

مجھے پتہ ہے آج میں مروں گا مگر پاشا تمھیں پتہ ہے میں آج جیت گیا ہو کیونکہ میں سلطان کو برباد کر چکا ہوں اس سے اسکی چاہت ہمیشہ کیلئے دور کر کے میرے پیچھے وقت ضائع کرنے سے بہتر تھا کہ تم دونوں اس لڑکی پر نظر رکھتے جو اب پتہ نہیں کہاں پہنچ چکی ہو گی اور تم لوگوں کو کبھی نہیں ملے گی۔۔

یہ کہتے ہی پاشا نے ریوالور لیکر اپنے سر پر فائر کر دیا۔۔۔

....

....

کومل خطرے سے باہر تھی مگر حارث کی حالت بہت خراب تھی گولی اس کے سر پر لگی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کومل ہوش میں آئی تو خود کو ہسپتال میں دیکھ کر چونکی اور نرس کے منع کرنے کے باوجود بھی روم سے باہر آئی تو اسے جواد بینچ پر بیٹھے نظر آئے جو گردن جھکائے سر ہاتھوں میں تھامے رو رہے تھے۔۔

کومل انکے پاس آئی تو وہ کومل کو دیکھتے ہی قاسم سے مخاطب ہوئے۔

قاسم!!!

اس بدبخت سے کہو یہاں سے چلی جائے میرے بیٹے کو مروا دیا اب یہاں اسے رکنے کی کوئی ضرورت نہیں چلی جائے یہ۔۔۔

کومل یہ سن کر سکتے میں آ چکی تھی۔۔

قاسم فوراً آیا اور ایک نرس سے کہہ کر اسے باہر لایا۔۔

کومل اپنے ہوش و حواس میں نہ تھی۔۔

قاسم اسے لیے وہی کھڑا تھا کہ ایک گاڑی سے دو بندے اترے اور انکے پاس آئے۔ انکے آتے ہی قاسم وہاں سے چلا گیا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میڈم چلیے سلطان سر آپکا گاڑی میں انتظار کر رہے ہیں۔

ان میں سے ایک بولا اور کومل جو سکتے میں تھی آواز سن کر

چونکی اور مڑ کر واپس ہسپتال کے اندر جانے لگی تھی کہ اسکے سر

پر ایک زوردار وار ہوا۔۔۔

اور جب وہ ہوش میں آئی تو وہ بانو کے کھوٹے میں تھی اور نئی پہچان

کے ساتھ چاند۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

...................۔۔۔‘‘‘‘‘‘

....

کچھ دیر پہلے جو شخص غصے میں بیٹھا تھا اب تینوں کی باتیں سن

کر سر جھکائے کسی گہری سوچ میں گرا ہوا تھا۔

سر آپ تک یہ فائل کیسے پہنچی؟؟

ہادی اس سے پوچھ رہا تھا۔۔

چند دن پہلے کچھ آدمی میرے آفس آئے تھے میرا پوچھنے

کیلئے میں وہاں موجود نہیں تھا تو میرے خاص

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بندے نے انکو قید کرکے سچائی کا پتہ لگانے کی کوشش کی جن میں سے اکثر ہسپتال میں ہے۔۔ لیکن تم سے اس لڑکی کو ڈھونڈنے کیلئے کس نے کہا تھا۔۔

ہادی کو جواب دینے کے بعد اب اس نے بھی سوال پوچھا تو ہادی حیرت سے اسکی جانب دیکھ کر جواب دینے لگا۔۔

ہے۔۔ سر کچھ سالوں x آپکے آفس!! مطلب آپ ہی مسٹر پہلے ایک گورنمنٹ ڈاکٹر نے کہا تھا اس لڑکی کو ڈھونڈھنے کا مگر پھر ان سے رابطہ نہیں ہوا چونکہ وہ رقم دے چکے تھے تو ہم اسے ڈھونڈھ رہے تھے مگر اب انکا نمبر لگ نہیں رہا۔۔

سلطان نے ایک نظر تینوں کو دیکھا اور بولا۔

مر چکا ہے میں نے x نہیں سلطان ملک مسٹر x مسٹر کرتا تھا۔ اب میں چلتا ہوں مجھے x سب ختم کر دیا جو مسٹر اسے وہاں سے نکالنا ہے۔

سلطان یہ کہہ کر اٹھنے والا ہی تھا کہ حبہ کی آواز پر رکا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ پہلے ہماری بات سن لے زور آزمائی سے ہم انھیں نہیں نکال سکتے کیونکہ کھوٹے کے اندر بھی اسلحہ لیے بندے موجود رہتے ہیں ہمارے زبردستی کرنے پر وہ لوگ ان دونوں کو نقصان بھی پہنچا سکتے ہیں۔۔

حبہ کی بات سن کر سلطان پھر کسی سوچ میں پڑ گیا تھا۔۔۔

جی سر ان میں سے ایک صائم کی بیوی ہے اور جس کی آپ بات کر رہے ہیں انکی ایک چھوٹی بیٹی بھی ہے اس لیے ہم نے جو پلان بنایا ہے وہ آپ سن لے اور رات تک انتظار کریں تو دیکھیے گا ہم ضرور کامیاب ہونگے۔۔

سلطان اب ہادی سے انکا پلان سن رہا تھا جبکہ حبہ بھی اب ایک فیصلہ کر چکی تھی۔۔

وہ اپنے ہی گھر میں اجنبیوں کی طرح گھوم رہا تھا گھر میں اسکی تصویریں تھی مگر وہ ان سب کو دیکھ کر حیران تھا کہ وہ پہلے سے بہت بدل گیا تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ابھی تک گم سم گھر کا جائزہ لے رہا تھا کہ اسکا پی اے آیا۔۔

سر میں نے یہاں کے کیئر ٹیکر کو انفارم کر دیا ہے وہ بس آنے والا ہو گا۔

پی اے یہ کہہ کر چلا گیا تھا مگر وہ اب ہر کمرے کا جائزہ لیتا ہوا سیڑھیوں تک پہنچا ہی تھا کہ کسی کا دھندلا عکس اسکی نظروں کے سامنے لہرانے لگا۔۔اسکا سر درد کی شدت سے چکرانے لگا تو وہ وہی سیڑھیوں پر اپنے سر تھامے بیٹھ گیا۔۔

اسے بیٹھے تھوڑی دیر ہی ہوئی تھی کہ ایک بوڑھا شخص اسکے پاس آکر اسے آواز دینے لگا۔۔۔۔

سر آپ ٹھیک تو ہے؟؟

اس نے سر اٹھا کر سامنے موجود شخص کو دیکھا اور اثبات میں سر ہلاتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا۔

یہاں کے سارے کمروں کی صفائی دوبارہ کرو مگر سب سے پہلے میرے کمرے کی مجھے آرام کرنا ہے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے حکم پر وہ بوڑھا شخص ہامی بھرتے ہوئے اوپر کی جانب بڑھا۔ تو وہ بھی اسکے ہم قدم ہوا مگر کمرے میں داخل ہوتے ہی بیڈ کراؤن پر لگی تصویر دیکھ کر وہ کتنی دیر تک اس تصویر کو دیکھتا رہا بہت کچھ یاد آنے لگا تھا اسے بہت کچھ۔

‘‘‘‘‘‘‘‘‘‘‘‘ــــــــــــــــــ..

سلطان ابھی تک حب کے اپارٹمنٹ میں تھا اب چاروں اپنی پلاننگ کے تحت آگے کیل ئے تیار تھے ۔

صائم اور سلطان کے گھر سے نکلتے ہی حب نے ہادی کو روک لیا کہ اسے کوئ ضروری بات کرنی ہے۔

حب کی پوری بات سننے کے بعد ہادی کا دل بھر آیا تو وہ بول پڑا

حب تم ہوش میں تو ہو یہ ممکن نہیں قطعی نہیں۔۔

حب نے درد بھری مسکراہٹ لیے جواب دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مجھ پر چھوڑ دو بس یہ بتا دو نکاح پڑا لیتے ہونا یا نہیں تم تو ایک جاسوس ہو سب آتا ہو گا نا؟؟

جواب میں ہادی بھی ہنس پڑا اور وہاں سے نکلتے ہوئے اسے جلدی تیار ہونے کا کہہ کر چلا گیا۔۔

....

سلطان اپنے اسی ہوٹل روم میں موجود جہاں ہر طرف کومل کی یادیں تھی ہادی کی پلاننگ کے تحت رات کا انتظار کر رہا تھا مگر اس سے برداشت نہیں ہو رہا تھا وہ ہر پل گویا مر رہا تھا بس یہ سوچ آتے ہی کہ کومل کہاں ہے اور اسکی وجہ سے ہے وہ خود کو معاف نہیں کر پا رہا تھا۔

فلحال برداشت کر رہا ہوں مگر رات کو کچھ بھی ہو جائے کچھ بھی میں تمھیں وہاں سے نکال لاؤں گا میرا وعدہ ہے تم سے جان!!

سلطان خود سے ہمکلام تھا تبھی پاشا اندر آیا اور اسے جو خبر دی اس سے سلطان بہت خوش ہوا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان ہادی کی پلاننگ سن کر مان تو گیا تھا مگر وہ اپنی طرف سے بھی بہت کچھ کر رہا تھا اس نے پاشا سے دانی کو کسی بھی قیمت پر لانے کا کہا اور وہ کامیاب ہو چکا تھا جب دانی سبزیاں تھامے کھوٹے کی طرف جا رہی تھی تو پاشا اسے زبردستی سلطان کے پاس لے آیا۔۔

ہائے ہائے اتنے بڑے لوگوں کو سبزیاں بھی چرانی پڑ رہی ہے خدا خیر کرے ادھر ہی مانگ لیتے میں دے دیتی یہ سارے جتن کیوں۔۔۔؟؟

دانی اپنے انداز سی بولی تھی جب پاشا اسے سلطان کے سامنے لایا تھا۔

دیکھو تم جو بھی ہو میرے سوالوں کا جواب دو بدلے میں جو مانگوں گی ملے گا۔۔

سلطان کی بات سن کر دانی اتراتے ہوئے کچھ کہنے لگی تھی کہ اسکی نظر دیواروں پر لگی تصویروں پر پڑی۔

ہائے اللہ یہ تو اپنی چاند ہے !!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دانی تصویروں کو دیکھ کر چونکتے ہوئے بولی تو سلطان نے ایک گہری سانس لی اور دانی کو سب بتا دیا کیونکہ وہ ہادی سے دانی کے متعلق جان چکا تھا کہ وہ اکلوتی ہی ہے جو کھوٹے میں بھروسے لائق ہے۔

سلطان سے کومل کے بارے میں سن کر دانی رو پڑی تھی۔

اتنا عشق چاند سے۔۔ میں ہر قسم کی مدد کیلئے تیار ہوں بولو کیا کرنا ہے۔

دانی کے ہامی بھرتے ہی سلطان اسے سب سمجھانے لگا اور آخر میں بچے کا پوچھا تو دانی نے اسے سب بتایا کہ جب کومل آئی تھی تو وہ امید سے تھی مگر بانو کی منتیں کر کے بچے کو بچا تو لیا مگر آج تک کومل کو اس سے ملنے نہیں دیا گیا کیونکہ یہ بانو کا حکم تھا اور صرف دانی ہی جانتی تھی کہ وہ بچہ کہاں ہے دانی نے ساری معلومات سلطان کو دی اور جانے لگی تو سلطان نے اسے روکا۔

رکو دانی اپنی قیمت تو لیتی جاؤ!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان نے ایک چیک اسکی جانب بڑھایا تو دانی مسکرائی۔

صاحب جی چاند اور ستارہ جیسی بہت ہیں وہاں ان سب کو بھی آزادی دلوادینا اگر ہوسکے تو وہی میرا معاوضہ ہوگا۔۔

دانی بہت بڑی بات کہہ کر چلی گئی تھی۔۔

....

ہادی اور صائم اپنا گیٹ اپ بدل کر حبہ کے اپارٹمنٹ کے باہر اسکا انتظار کررہے تھے مگر حبہ کو دیکھتے ہی دونوں کی حیرت کی انتہا نہ رہی تھی۔

واہ تم تو آج سچ میں قیامت ڈال دو گی چلو چلو۔

ہادی کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ وہ صائم کے منہ سے سننا چاہتی تھی شاید۔۔

....

وہ الماری کھولے سب چیزیں باہر پھینک چکا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تبھی وہ بوڑھا کیئر ٹیکر کھانے کا پوچھنے کیلئے کمرے میں آیا تو کمرے کی حالت دیکھ کر پریشان ہوا اور اسے آواز دی۔

سر آپ کو کچھ چاہئے ؟؟

کیئر ٹیکر کی آواز سن کر وہ اسکی جانب اپنی نم اور سرخ آنکھوں سے دیکھنے لگا جن سے وہ کیئر ٹیکر بھی ڈر گیا تھا۔۔

میں کون ہوں؟؟ یہ یونیفارم کس کا ہے؟؟ تم کون ہو؟؟

اسنا اتنا کہا تھا کہ سر میں درد کی ناقابل برداشت لہر اٹھنے سے نیچے بیٹھ گیا۔

سر آپ کو سچ میں کچھ یاد نہیں آپ سب بھول چکے ہیں اس دن ہسپتال میں بھی آپ نے مجھے نہیں پہچانا اور جواد صاحب نے یہاں سب کو یہ کہہ دیا کہ آپ مر چکے ہیں اور اسے بھی

۔۔

اتنا کہہ کر کیئر ٹیکر چپ ہوا تو وہ اسکی جانب لپکا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کسے ؟؟ کس کی بات کر رہے ہو؟؟ مجھے الجھاؤ مت!! نام بتاؤ پہلے اپنا؟؟

وہ دیوانہ لگ رہا تھا اس وقت

حارث سر میں قاسم اور میں کومل جی کی بات کر رہا ہوں یہ یونیفارم آپکا ہے آپ اس پی تھے کچھ سالوں پہلے۔۔۔

قاسم اسے سب کچھ بتانے لگا اور وہ ہر بات سنتا اور اندر اندر مرتا جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

قاسم کی ساری باتیں سن لینے کے بعد وہ اٹھا۔

مجھے پولیس اسٹیشن لے چلو سب سے پہلے اور پھر سلطان کے پاس۔۔

حارث اب پرانا حساب پورا کرنے کا عظم لیے بولا تھا۔۔۔

....

ہادی بانو اور زرار سے ملاقات کا موقع پا کر خوش تھا جبکہ یہ سب دانی کی وجہ سے ممکن ہوا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھیے بانو بیگم آپ کا بہت نام سنا تھا اس لیے یہاں آئے ہم یہاں نیا کاروبار کھول چکے ہیں بس ہمارے گراہکوں کیلئے بس آج کی رات کیلئے ہماری رقاصہ کو رقص کرنے کی جگہ دیدے کیونکہ ہمارے بنگلے میں مرمت ابھی تک جاری ہے اور ہمارے کافی گراہک ہیں جو بیرون ملک سے ہیں اور بضد ہے کہ آج ہر صورت میں رقص کا انتظام کیا جائے بدلے میں جو ہمیں ملے گا اسکا 20% آپکا۔

ہادی بانو کے سامنے چیک دکھاتے ہوئے بولا جسے دیکھ کر بانو کی آنکھیں پھیل گئی مگر زرار کی نظریں تب سے حب پر تھی۔اور وہ ہادی کی بات کاٹے بولا

بیس نہیں پورا پچاس ورنہ جاؤ۔۔

ارے واہ رقص میں تن تنہا کرو اور سارا مال تم لوگ کھاؤ اپنی رقاصاؤں کو نچواؤ تو کچھ بات بھی سمجھ آئے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب بھی تنک کر بولی تو بانو کے شیطانی ذہن میں بہت سارے پیسوں کی چاہ امڈ آئی اور وہ زرار کو لیے ایک کونے میں گئی۔

اے پاگل سوچ جو لوگ ایک دفعہ کے رقص کا اتنا سارا مال دے رہے ہیں اگر ہماری لڑکیوں کا رقص ان لوگوں نے دیکھ لیا تو ہم تو مالا مال ہو نگے

۔

بانو کی بات سن کر زرار بولا ٹھیک ہے پہلے رقم اکاؤنٹ میں ڈالنے کا کہو اور اس چمک چلو کا ناچ بھی دیکھ لیتے ہیں کہ ناچتی ہے بھی یا بس۔۔

بانو نے اثبات میں سر ہلایا اور ہادی کے قریب آکر بیٹھی۔

ہماری انمول رقاصائیں بھی ناچے گی مگر مال آدھا ہو گا اور پہلے اکاؤنٹ میں رقم ڈال دو اور اس لڑکی کا ناچ بھی دکھاؤ کیونکہ یہاں ہمارے گراہک بھی موجود ہو نگیں اور ناچ انکے معیار کا ہونا چاہیئے۔۔

بانو کی بات سن کر ہادی نے فون پر کسی کو بانو کے اکاؤنٹ میں رقم ڈالنے کا کہا اور کچھ دیر میں زرار کو بینک کا میسج وصول ہوا تو اب زرار اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بانو حبہ کی جانب دیکھنے لگے تو حبہ اٹھی اور رقص اس نے کیا اسے دیکھ کر وہاں سب حیران تھے۔

لاگی لاگی سب کہے

لاگی لگی نہ انگ

لاگی لگی تو تب جانے

جب ہو تو میرے سنگ

ہائے وہ رین سہاگ کی

جو میں جاگی تیرے سنگ

بازی پریم کی جو کھیلی

میں نے تیرے سنگ

جیت گئی تو پیا میرے

جو میں ہاری تو رہوں پیا کے سنگ

چھاپ تلک سب چھین لی رے

مجھ سے نینا ملا کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھ سے بولو نہ بول

میری سن یا نہ سن

پر میں بن گئی تیری

تجھ سے نینا ملا کے۔

متوالی کر گئے

مجھ سے نینا ملا کے۔

حبہ کی ہر ادا کا اشارہ صائم کی طرف تھا اور آخر میں وہ صائم کے پاس آ کر بیٹھی اور نم آنکھوں سے اسکی جانب دیکھتے ہوئے اپنے دل کا حال اداؤں کے ذریعے بتانے لگی

رینی چڑھی میری

رنگ ریز کے ہاتھ

جکی رینی رنگ دے

دھن دھن اسکے باگ

اپنے پیا کے میں بل بل جاؤں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے تو سہاگن کر گئے

مجھ سے نینا ملا کے

صائم اسکی آنکھوں میں اپنے لیے بے پناہ محبت دیکھ چکا تھا۔۔

جاری ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فلحال ناول اب اختتام کے مراحل پر ہے اسل ئے اپنی قیمتی رائے

کمنٹ کے ذریعے دے

اللہ آپ سب کو ہمیشہ خوش رکھے۔ آمین

حارث پولیس اسٹیشن سے صحیح معلومات فراہم نہیں کر

سکا کہ اس دن کیا ہوا تھا مگر اسے قاسم کی باتیں ادھوری لگ

رہی تھی۔۔

وہ قاسم کے ساتھ گاڑی میں بیٹھا تھا قاسم نے ڈرائیونگ

سیٹ سنبھالتے ہی اس سے پوچھا کہ اب کہاں جانا ہے تو وہ

سوالیہ نظروں سے قاسم کو دیکھنے لگا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قاسم سلطان تو مشہور بندہ ہے وہ مجھے مل جائے گا مگر کومل کی کوئی تصویر نہیں کچھ نہیں کیوں ؟؟ بنگلے میں بھی اسکی ایک بھی چیز موجود نہیں ایک تصویر بھی نہیں ۔۔ کیا تم مجھے سب سچ بتاؤ گے ۔۔

قاسم حارث کی آخری بات پر ڈر کر اسکی جانب دیکھنے لگا اور سر جھکائے گویا ہوا۔

سر آپکے ساتھ ہوئے اس حادثے کے بعد جواد صاحب کئی دفعہ بنگلے میں آئے تھے وہ کومل سے وابستہ ہر شے کو ختم کر چکے تھے ۔۔۔ مگر سر !!

اتنا کہہ کر قاسم رکا اور حارث کی طرف دیکھتے ہوئے دونوں ہاتھ جوڑے اسے طلال کی تمام دھمکیوں اور چالوں کا خلاصہ دینے لگا جس سے حارث کا غصے و تکلیف سے چہرہ سرخ ہو چکا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قاسم کی بات پوری ہوتے ہی حارث نے اسے واپس گھر جانے کا کہا۔۔اور قاسم نے اسکی تائید میں اسی طرف گاڑی کا رخ کیا۔کچھ فاصلے طے ہونے کے بعد نہ جانے حارث کو کیا سوجی کہ اس نے قاسم سے کوئی گانے چلانے کا کہا قاسم نے حارث کی جانب چونک کر دیکھا اور کہا۔۔

سر آپ کو یاد ہے جو میڈم جی کا گانا آپ ہر وقت سنتے رہتے تھے وہ تو اس وقت موجود نہیں میں آگے سے لے لیتا ہوں۔۔

قاسم کی بات سن کر حارث نے اسکی جانب چونک کر دیکھا۔

میڈم؟؟کون سا گانا؟؟؟

قاسم نے ایک جگہ گاڑی رکی اور کہا سر میں سی ڈی لے آتا ہوں آپ سن لیجیے گا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قاسم کچھ دیر بعد ہاتھ میں سی ڈی تھامے گاڑی میں آ کر بیٹھا اور گاڑی اسٹارٹ کی ساتھ گانا بھی چلایا جسے سن کر حارث کو پھر سے کسی کا دھندلا عکس ستانے لگا تھا۔

ان گنت صدیوں کے تاریخ بیمانہ طلسم

ریشموں واطلس کمخواب میں بنوائے ہوئے

جا بجا بکتے ہوئے کوچہ و بازار میں جسم

خاک میں لتھڑے ہوئے خون میں نہلائے ہوئے

یہ سنا تھا کہ حارث کو کچھ یاد آتے ہی اس نے جیب سے اپنا والٹ نکالا اور اس میں سے ایک کارڈ نکالا مگر پھر نہ جانے کیا سوچ کر کارڈ واپس جیب میں رکھ دیا۔۔

گھر پہنچ کر وہ کمرے میں جانے لگا تو قاسم کی آواز پر اسکے بڑھتے قدم رکے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سر آپکی غیر موجودگی میں ایک لڑکی پچھلے ایک سال سے آپکو ڈھونڈھ رہی تھی میں نے جواد صاحب کو بھی انفارم کیا تھا مگر انھوں نے منع کیا میرے پاس اسکا نمبر ہے۔

حارث قاسم کی جانب تیزی سے آیا۔

یہ بات اب بتا رہے ہو نمبر دو جلدی۔۔

قاسم نے اسے نمبر دیا جسے سل پر وہ فوراً ڈائل کر چکا تھا مگر آگے سے کوئی فون اٹھا نہیں رہا تھا۔۔۔

قاسم مجھے اس نمبر کا لوکیشن چاہیئے ابھی ۔۔۔

حارث اب پہلے والا اسپی جیسا بن چکا تھا۔۔

-----------------،،-----------

بانو بیگم کا کھوٹا آج کچھ زیادہ ہی سجایا گیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حبہ نے ستارہ اور چاند کے ساتھ رقص کی تیاری کی تھی مگر بانو کی ہر وقت موجودگی کی وجہ سے وہ ان دونوں سے کوئی بات نہیں کر پائی تھی۔۔۔

آخر وہ وقت آگیا جسکا سب کو انتظار تھا محفل سج چکی تھی مگر چند لوگوں کی موجودگی کے باوجود بانو اتنا کما چکی تھی جتنا وہ ایک مہینے میں بھی نہیں کما پاتی تھی۔۔

شمعیں مدھم ہوئی اور حبہ پیرو میں گنگروں باندھے اک ادا سے جلوہ گر ہوئی۔ مگر اسکی نظریں جسے ڈھونڈھ رہی تھی وہ اسے نظر آیا تو اسے دیکھتے ہی حبہ بولی

کیسی ہے یہ داستان کچھ نہ ہم نے کہا کچھ نہ تم نے کہا
بات پہنچی کہاں سے کہاں

اور پھر رقص شروع ہوا۔

یہ اچھی پردہ داری ہے
یہ اچھی رازداری ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو آئے تمھارے بزم میں

دیوانہ ہو جائے

تونے دیوانہ بنایا تو میں دیوانہ بنا

اب مجھے ہوش کی دنیا میں تماشہ نہ بنا۔۔

حبہ اپنے رقص سے سماں باندھ چکی تھی اور اسکی نظر دشمن جان پر بھی پڑ چکی تھی۔

میں اپنے آہ کے صدقے کہ میری آہ میں بھی

تیری نگاہ کے انداز پائے جاتے ہیں۔

یوسف مصر شارق تیرے جلوہ کے نثار

میری بیداریوں کو خواب ذلیخہ نہ بنا

تونے دیوانہ بنایا تو میں دیوانہ بنا۔

۔۔۔۔۔۔.........................

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارث اس نمبر کالوکیشن ٹریس کر چکا تھا اور وہ جہاں اپنی گاڑی میں موجود تھا اسے حیرت تھی کہ وہ وہی جگہ تھی جہاں وہ کچھ دن پہلے بھی آیا تھا وہ گاڑی سے اترا تھا کہ اسے سریلی بول سنائی دیے

تیری صورت سے نہیں ملتی کسی کی صورت

ہم جہاں میں تیری تصویر لیے پھرتے ہیں۔۔

حارث اب اسی جانب بڑھا تھا۔۔

----.....................

حسب کا رقص جاری تھا کہ ستارہ بھی محفل کی خوبصورتی بڑھانے آگئی۔۔

ذوق بربادیِ دل کو بھی نہ کر تو برباد

دل کی اجڑی ہوئی بگڑی ہوئی دنیا نہ بنا

تو نے دیوانہ بنایا تو میں دیوانہ بنا

اب صائم کی باری تھی ضبط کرنے کی کیونکہ پلان ہی یہی تھا کہ جب تک تینوں ساتھ نہیں ہو گی کوئی بھی کسی قسم کا رد عمل نہیں کرے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گا کیونکہ سلطان دانی سے معلومات لے چکا تھا کہ کھوٹے میں اسلحے لیے بانو کے کافی بندے ہر وقت موجود رہتے ہیں اسل ئے

صائم غم و غصے کی ملی جلی کیفیت لیے ستارہ اپنی نمرہ کو دیکھے جا رہا تھا جو ان بولو پر رقص کر رہی تھی حب کے ساتھ

تو ملا بھی ہے تو جدا بھی ہے تیرا کیا کہنا

تو صنم بھی ہے اور نہیں بھی ہے تیرا کیا کہنا

یہ تمنا ہے کہ آزاد تمنا ہی رہوں

دل مایوس کو مانوس تمنا نہ بنا۔

جو بہار آئی میرے گلشن جان سے آئی

خاک کے ڈھیر میں یہ بات کہاں سے آئی

نگاہ ناز سے پوچھے گیں کسی دن یہ سہی

تو نے کیا کیا نہ بنایا کوئی کیا کیا نہ بنا۔

تو نے دیوانہ بنایا تو میں دیوانہ بنا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان جو کب سے چاند کا انتظار کر رہا تھا دانی کے اشارے پر بڑی ہوشیاری سے ہادی اور صائم کو بتا کر اسی طرف گیا

کیا ہوا دانی؟؟

سلطان نے دانی سے پوچھا۔

میں نے جان بوجھ کر سارے بندوں کو مین گیٹ پر معمور رکھا ہے تو بتیاں بند ہوتے ہی آپ سب اسی طرف ہی آنا آگے کا رستہ بالکل خالی ہے۔

سلطان اثبات میں سر ہلاتا جونہی مڑا تھا تبھی چاند کو دو لڑکیوں کے ساتھ جاتا دیکھا۔۔

دانی نے جب یہ دیکھا تو ان لڑکیوں کو آواز دی۔

اے لڑکیوں تم جاؤ چاند کو میں اندر بھجوا دونگی۔

ان لڑکیوں کے جاتے ہی دانی سلطان کا ہاتھ تھامے اسے چاند یعنی کومل کی طرف لے گئ اور اسے اسکے سامنے کھڑا کر دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کومل اپنے سامنے کسی مرد کو کھڑا دیکھ کر پریشان ہو گئی جو اسے صحیح نظر نہیں آرہا تھا مگر سلطان کی آنکھیں چھلک چکی تھی کیونکہ اسے پتہ تھا کہ کومل اسے دیکھ نہیں سکتی۔۔

کیا ہوا چاند دیکھ نہیں سکتی تو من کی آنکھوں سے دیکھ لے۔کومل بیٹا تیرا چاہنے والا تجھ تک پہنچ گیا۔۔

کومل کی تو کچھ سمجھ نہیں آرہا تھی دانی نے اس سے جو کہا وہ سن کر کومل حیرت کے مارے سامنے کھڑے شخص کو جو اسے دھندلا نظر آرہا تھا اسکی جانب ایک قدم بڑھی اور اس سے لپٹ گئی۔

میں ڈر گئی تھی بہت ڈر گئی تھی اور آپ اب آئے ہیں۔۔

سلطان کو سا حل کا وہ منظر یاد آنے لگا اسکے دل کی دھڑکنیں تیز ہوتی کچھ کہہ رہی تھی کومل سے۔

سینے سے تم میرے آکے لگ جاؤ نہ۔

ڈرتے ہو کیوں ذرا پاس تو آؤ نہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دھن میری دھڑکنوں کی سنو۔

چل وہاں جاتے ہیں

پیار کرنے چلو ہم وہاں جاتے ہین۔

لیکن ذہن میں کچھ آتے ہی وہ کومل سے الگ ہوا

کومل تم اندر جاؤ اور دونوں لڑکیوں میں سے کسی ایک کا ہاتھ

تھامے رکھنا ٹھیک ہے نا اچھا دانی اب سب سنبھال لینا۔

سلطان یہ کہہ کر چلا گیا مگر کومل کو حیران کر گیا کیونکہ

وہ اسے کوئی اور سمجھ بیٹھی تھی۔

....

حارث بانو بیگم کے کھوٹے کے پچھلی گیٹ سے نہایت

ہوشیاری سے اندر داخل ہوا ہی تھا کہ ہر طرف اندھیرہ پھیل

گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ابھی کچھ دیر ہی ہوئی تھی کہ کھوٹے کے اندر فائرنگ کی بے تحاشا آوازیں سن کر حارث بھی اپنی بندوق سنبھالے اندر کی جانب بڑھا۔۔۔

....

کومل کا ہاتھ تھامے نمرہ حب کے پیچھے پیچھے آرہی تھی اسے اندھیرے میں کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا کہ تبھی دانی ہاتھ میں ایک چھوٹا سا ٹارچ تھامے انکی جانب آئی لیکن دانی کے عقب میں نم آنکھیں لیے کھڑے شخص کو دیکھ کر نمرہ کو اپنی نظروں پر یقین نہیں آرہا تھا۔وہ شخص نمرہ کے پاس آیا اور دونوں ہاتھوں سے اسکا چہرہ تھامے رو پڑا۔

مجھے معاف کر دو نمرہ معاف کر دو۔

صائم کو دیکھ کر اور محسوس کر کے نمرہ کو اپنے آپ کو سنبھالنا مشکل لگنے لگا تھا اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی سلطان اور ہادی وہاں پہنچے اور سب سے جلدی جلدی نکلنے کا کہا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ابھی راہداری میں تھے کہ سب طرف روشنی ہوئی اور زرار اپنے ساتھ کچھ بندو کو لیکر وہاں پہنچا انکا انتظار کر رہا تھا مگر اس سے پہلے کہ کوئی بات ہوتی دانی نے اپنے دوپٹہ میں چھپے پستول سے زرار کی جانب فائر کیا جس سے وہ لوگ ایک طرف ہو گئے تو دانی نے باقی سب کو جانے کا کہا اور خود رستے میں کھڑی ہو گئی۔۔

سب سے آخر میں نمرہ اور صائم تھے تو حبہ انھیں پیچھے آتا دیکھ کر انکے پیچھے پیچھے آنے لگی اور مڑ مڑ کر دانی کی جانب دیکھنے لگی

۔

تبھی زرار کے کہنے پر اسکے بندو نے اندھا دھند فائرنگ شروع کی جس کی ضد میں سب سے پہلے دانی آئی اور جب سلطان نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو اسے حبہ لڑکھڑاتی ہوئی آتی دکھائی دی اس نے صائم کو آواز دی کیونکہ وہ حبہ کے قریب تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صائم سلطان کی آواز اور اشارے پر فوراً حبہ کی جانب بھاگا اور اسے اٹھا کر باہر کی جانب آیا۔

سب باہر آئے تو نمرہ کی نظر حبہ پر پڑی جسکا لہنگا خون سے بھر چکا تھا تو نمرہ چیختی ہوئی اسکی جانب بڑھی۔

کومل کا ہاتھ سلطان نے تھام رکھا تھا نمرہ کی چیخ سے کومل بھی ڈر گئی تھی تو اسنے اپنی گرفت سلطان کے ہاتھ پر اور مضبوط کر دی۔

رکو مت باہر نکلو پلیز۔

سلطان کے کہنے پر صائم حبہ کو اپنی گود میں لیے سب کے ساتھ باہر آیا مگر وہاں حارث کو داخلی گیٹ پر دیکھ کر پہلے تو سلطان اسے پہچان نہ سکا مگر جب اسے غور سے دیکھا تو کومل کا ہاتھ چھوڑ کر اسکی طرف دوڑا۔

حارث یہ تم ہی ہو نہ نکلو یہاں سے اور اپنی گاڑی جلدی لے آؤ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارث بھی سلطان کو پہچان چکا تھا وہ بہت کچھ پوچھنا چاہتا تھا مگر حبہ پر نظر پڑتے ہی وہ باہر کی جانب بڑھا اور باقی سب بھی۔

پاشا بھی وہاں پہنچ چکا تھا سب دونوں گاڑیوں میں بیٹھ کر نکلے۔

حارث کے ساتھ سلطان اور کومل تھے جبکہ پاشا کے ساتھ صائم جس نے پورا راستہ حبہ کو سنبھالے ہوئے تھا اور نمرہ اور ہادی تھے۔

تم نے ایسا کیوں کیا میں تمھیں دیکھ چکا تھا تم ہم سے آگے تھی تو پیچھے کیوں چلی گئی۔

صائم روندھی آواز کے ساتھ حبہ سے سوال کر رہا تھا۔

کیونکہ مجھے لگا تم مجھ سے کہہ رہے تھے کہ

کچھ ایسا کر کمال کہ تیرا ہو جاؤں میں کسی اور کا ہوں فلحال کہ تیرا ہو جاؤں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حبہ یہ کہتے ہی آنسوؤں سے تر چہرہ لیے صائم اور نمرہ کو دیکھنے لگی تھی اسکی سانسیں اکھڑنے لگی تھی۔

تبھی گاڑی رکی اور پاشا نے سبکو اترنے کا کہا کیونکہ وہ اس وقت ایک چھوٹے سے کلینک کے پاس پہنچ چکے تھے۔

حارث گاڑی چلاتے ہوئے کئی بار کومل کی جانب دیکھ چکا تھا جو کہ بیک سیٹ پر بیٹھی تھی۔

تبھی پاشا کی گاڑی رکتے ہی سلطان نے اسے گاڑی روکنے کا کہا اور ایک نظر کومل پر ڈال کر بنا کچھ کہے اتر گیا۔

سب کھڑے ڈاکٹر کا انتظار کر رہے تھے جو حبہ کا ٹریٹمنٹ کر رہا تھا۔

ڈاکٹر کے کمرے سے باہر آتے ہی صائم اور ہادی بھاگ کر اسکے پاس پہنچے۔

ڈاکٹر کیسی ہے وہ؟؟

ہادی کے پوچھنے پر ڈاکٹر نے افسوس بھرے لہجے میں بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گولیاں زیادہ لگنے سے خون بہت بہہ چکا ہے اسلئے انکا بچنا نا ممکن ہے آپ سے ملنا چاہتی ہے جلد از جلد مل لے ۔

یہ سنناتھا کہ سب حبہ کے پاس پہنچے سب سے آگے صائم تھا۔

حبہ کی نظریں بھی صائم کے انتظار میں تھی۔

کیوں کیا ایسا میں تمھارے احسانوں کا کوئی بدلہ بھی نہیں دے سکتا ۔۔۔

صائم روتے ہوئے بولا جبکہ نمرہ جو صائم سے حبہ کی مدد کے بارے میں جان چکی تھی اسے بھی حبہ کیلئے بہت دکھ ہو رہا تھا۔

بدلہ دے سکتے ہو کچھ مانگوں گی دو گے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حب نے چہرے سے آکسیجن ماسک ہٹا کر صائم اور نمرہ کو سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھا تو ہادی نے فوراً آکر ماسک واپس اسے پہنایا

اسکے جسم پر جا بجا گولیاں لگنے سے خون بہہ رہا تھا مگر نظروں نے اب بھی اپنے محبوب کو اپنے حصار میں لیا ہوا تھا۔۔

اسکی کہی باتیں اسے سمجھ نہیں آرہی تھی۔

وہ اسے اسطرح دیکھ کر تڑپ رہا تھا تبھی اسکی ہونٹوں نے ہلکی سی جنبش کی اور جو اس نے کہا اس سے وہ حیرت میں پڑھ گیا۔

س۔ س۔ سنو میرے مرنے سے پہلے مجھ سے نکاح کر لو پلیز!!!

اسکی یہ بات وہی موجود سب نے سنی اور سب کی آنکھیں نم تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا کہوں تم عجیب لگتے ہو

دور جتنا بھی جا رہے ہو تم

مجھ کو اتنے قریب لگتے ہو

کیا کہوں تم عجیب لگتے ہو

میری قسمت میں تم نہیں پھر بھی

مجھکو اپنا نصیب لگتے ہو

حبہ کا سوال سب کو رلا چکا تھا

ہادی نے صائم اور نمرہ کی جانب التجائی نظروں سے دیکھا۔۔

اسی وقت حارث کا فون بجا تو وہ وہاں سے باہر آیا۔

صائم خاموش تھا اور حبہ کی سانسیں اکھڑنے لگی تھی۔۔

تبھی اپنے کندھے پر نمرہ کی گرفت محسوس کرتے ہی صائم

اسکی جانب مڑا جکی نم آنکھیں اور اثبات میں ہلاتے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سر سے وہ اس کا فیصلہ سمجھ کر حبہ کا ہاتھ مضبوطی سے تھامے اسکی جانب دیکھنے لگا۔

ہادی نے ایک لمحہ ضائع کیے بغیر نکاح پڑھایا۔

کومل کی حالت بھی رو رو کر بری ہو رہی تھی مگر سلطان چاہ کر بھی اسے سنبھال نہیں پا رہا تھا۔۔

حارث کچھ بتانے کیلئے اندر آیا تو وہاں کا سماں دیکھ کر چھپ چھاپ سب ہوتا دیکھنے لگا مگر اسے دیکھتے ہی سلطان نے اسکی توجہ کومل کی جانب کرانے کیلئے اس سے کہا۔

کومل بہت رو رہی ہے اسے سنبھالو پلیز۔۔

کومل کا نام اور اسکی طرف اشارہ کرتے سلطان کی نگاہوں کے تعاقب کرتا حارث اب اسے دیکھے جا رہا تھا۔

بہت کچھ جواب تک ذہن میں دھندلا پڑا تھا ان سے دھند چھٹنے لگی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارث کی پلکیں بھیگ رہی تھی وہ بوجل قدموں سے اسکی جانب بڑھتا اس تک پہنچا اور پل بھر میں اسے اپنی بانہوں میں لے لیا۔۔

!!کومل میری زندگی

کومل کی سماعتوں میں حارث کی آواز پڑتے ہی وہ خود پر قابو نہ کرپائی اور بلک بلک کر رونے لگی۔

نکاح ہوتے ہی ہادی نے اپنی جیکٹ سے نکاح کے پیپر نکالے جو وہ حبہ کے منتیں کرنے پر پہلے ہی بنوا چکا تھا اور اس پر حبہ کے سائن بھی پہلے سے ہی موجود تھے ان پر صائم کے دستخط لیے اور حبہ سے مخاطب ہوا۔

!!!حبہ میری بہن!! میں نے اپنا وعدہ نبھا لیا

یہ کہتے ہی ہادی روتے ہوئے باہر چلا گیا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکے جاتے ہی سلطان اور اسکے پیچھے حارث کومل کو تھامے باہر نکلا تو نمرہ بھی انکو اکیلا چھوڑنے کے غرض سے باہر نکل رہی تھی مگر حبہ کی آواز پر رکی۔

!! رکو! نمرہ

صائم تم سے بہت محبت کرتا ہے صرف تم سے! میرا پیار ایک طرفہ ہے اور موقع ملتے ہی میں نے بس اپنا نام صائم کے ساتھ جوڑ دیا۔۔

نمرہ روتے ہوئے حبہ کی طرف دیکھنے لگی تھی۔

حبہ اب صائم سے مخاطب ہوئی۔

!! صائم

I Love you

اتنا کہتے ہی اسکی سانسیں رکنے لگی تھی،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آنکھوں کے سامنے اندھیرہ چھانے لگا تو اس نے صائم کو تھام کر اسکے قریب ہونے کی کوشش کی نمرہ سے یہ سب دیکھنے نہیں ہو رہا تھا تو وہ بھی اپنے آنسو پونچھتے ہوئے باہر نکلی ۔

صائم نے حب کو ایسا کرتا دیکھ اسے اپنی بانہوں میں بھر لیا جس سے حب کو شاید بہت سکون مل چکا تھا۔۔

صائم! کچھ کہو نہ جسے سن کر مجھے راحت ملیں۔مجھے سنبھالو ورنہ میں بہت تکلیف سے مروں گی۔

صائم حب کی باتیں سن کر مزید رونے لگا۔۔

حب! یہ جھوٹ ہے کہ پیار صرف ایک دفعہ ہی ہوتا ہے نکاح کے بعد مجھے بھی تم سے پیار ہو گیا ہے میں اب حق سے I love you too کہہ سکتا ہوں کہ

حب شاید یہی سننے کیلئے سانسیں لے رہی تھی مگر صائم بہت کچھ کہے جا رہا تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حبہ کی طرف سے کوئی جواب نہ پا کر صائم نے اسکے چہرے کی جانب دیکھا جواب پر سکون تھا اور صائم کو گھیرتی اسکی بانہوں کی گرفت ڈھیلی پڑ گئی تو صائم نے ایک ڈر سے اسے جنجھوڑا مگر حبہ کی طرف سے کوئی جواب نہ پا کر صائم نے اسے اپنے بے حد قریب کیا اور اسکے معصوم چہرے پر ہاتھ پھیرتا اسکے ہر نقش کو محسوس کرکے اسکی پیشانی پر اپنی محبت کی مہر دیکر اسے دوبارہ اپنی آغوش میں لیے رونے لگا۔

:":":'::";":":";';';":":":":"

ہادی صائم اور نمرہ کے ساتھ ایمبولینس میں حبہ کے ساکت وجود کو لیے وہاں سے نکل چکے تھے اب کلینک کے باہر سلطان حارث کومل اور پاشا موجود تھے۔

حارث کا فون بجا اور اس پر ملنے والی اطلاع اب وہ وہاں موجود تینوں نفوسوں کو بتانے لگا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بانو بیگم کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور لڑکیوں کو بھی بازیاب کرالیا گیا ہے مگر زرار فرار ہو چکا ہے اسے پولیس ڈھونڈھ رہی ہیں۔۔

یہ سنتے ہی کومل نے ڈرتے ہوئے دانی کا پوچھا۔

اور دانی کہاں ہے مجھے دانی کے بارے میں بتائیں؟؟

کومل سوالیہ اور التجایانہ لہجے میں پوچھ رہی تھی تو حارث نے اسکی جانب دیکھ کر افسوس سے کہا۔

وہ دانی کی ڈیڈ باڈی ملی ہے۔۔۔۔

یہ سننا تھا کہ کومل کے منہ سے ایک دلسوز چیخ نکلی اور وہ رونے لگی تو سلطان جو اسکی جانب بڑھنے لگا تھا حارث کو اسکی طرف جاتا دیکھ کر رک گیا۔

کومل پلیز رونا بند کرو!!

حارث نے کومل کو اپنی باہوں میں لیے کہا تو کومل نے روتے ہوئے جو کہا اسے سن کر حارث بھی تلملا اٹھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دانی کو ہی پتہ تھا کہ میرا بیٹا کہاں ہے اب ہم کیسے ملے گیں اس سے؟؟؟؟

حارث نے کومل کو خود سے الگ کیا اور حیرت سے پوچھا۔

کیا بیٹا!!!؟؟؟

کومل نے اسے ساری باتیں بتانا شروع کی جسے سن کر حارث کے ساتھ سلطان بھی رو پڑا تھا۔۔

کومل کی بات پوری ہوتے ہی سلطان انکے قریب آیا۔

!! حارث دانی مجھے بتا چکی ہے کہ آپ کا بیٹا کہاں ہے

یہ سنا تھا کہ دونوں کے چہرے دھمکنے لگے مگر اچانک دور سے آتی گاڑیوں کے شور سے پاشا دھاڑا سر نکلے یہاں سے یہ زرار کے بندوں کی گاڑیاں ہے میں انھیں پہلے بھی دیکھ چکا ہوں۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ سن کر حارث کو مل کا ہاتھ تھامے تیزی سے اسے گاڑی میں بٹھا کر وہاں سے نکلا اور انکے ساتھ ہی دوسری گاڑی بھی نکلی جس میں سلطان اور پاشا تھے۔

سنسان سڑک اور آڑا ترچھا راستہ اس پر ان دو گاڑیوں کے تعاقب میں پانچ گاڑیاں۔۔فضاء میں عجب سا شور برپا کر رہا تھا۔کیونکہ اب پیچھا کرتے گاڑیوں سے وقفے وقفے سے فائرنگ بھی ہو رہی تھی جسے سن کر سلطان نے اب حارث کی گاڑی کو کور دیا ہوا تھا حارث کی گاڑی کافی دور نکلی تو اس نے پولیس اسٹیشن کال کر کے فورس طلب کی۔

اب ان گاڑیوں نے دونوں طرف سے سلطان کی گاڑی کو گھیر لیا تھا مگر سلطان نے نہایت ہوشیاری سے انھیں ان بیلنس کرا کر سڑک کے کچھے حصے کی طرف لڑھکا دیا۔۔

اچانک باقی تینوں گاڑیوں نے بھی سلطان کی گاڑی کو تینوں طرف سے گھیرا اور ایک طرف کی گاڑی کو سلطان پے در

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پے تصادم سے ان بیلنس کرا چکا تھا مگر باقی دو گاڑیوں سے اب فائرنگ شروع ہو چکی تھی سلطان ڈرائیونگ سیٹ سنبھالے ہوئے تھا اور پاشا برابر میں ۔۔

پاشا کی سائیڈ کوئی گاڑی نہ تھی تو فائرنگ اسٹارٹ ہوتے ہی پاشا کو کچھ ہدایت دیکر پستول اسے دیکر گاڑی سے کودنے کا کہا پاشا نے منع کیا مگر سلطان نے اسکی ایک نہ سنی اور مجبور ہو کر پاشا کود گیا اسکے کودتے ہی سلطان نے گاڑی کی اسپیڈ بہت بڑھائی مگر باقی دونوں گاڑیوں کے تصادموں اور فائرنگ کی زد میں سلطان کی گاڑی کا ٹائر آتے ہی اسکی گاڑی ایک جھٹکے سے الٹ گئی اور باقی گاڑیاں بھی اسکی ضد میں آگئی اور پھر ایک دھماکہ ہوا اور تینوں گاڑیاں اب آگ کی لپیٹ میں تھی۔

یہ منظر حارث دیکھ چکا تھا مگر وہ اب کومل کی طرف دیکھ رہا تھا جو اس کی جانب سوالیہ نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

''''''''''''...

حبہ کی تدفین ہو چکی تھی اسکی خواہش پوری ہو چکی تھی مگر اسکے مرنے کے بعد۔۔

اسکی قبر کے تختہ پر اسکی خواہش پوری ہونے کی مہر تھی

حبہ زوجہ صائم

اس وقت ہادی کے بلانے پر صائم ثمرہ کو لیکر حبہ کے اپارٹمنٹ آیا تھا۔

صائم یہ لو فائل اس میں حبہ کا اقرار نامہ ہے جس میں اس نے یہ اپارٹمنٹ اور اسکا بینک بیلنس تمھارے نام کیا ہوا ہے اور منع مت کرنا کیونکہ یہ سب اسکی خواہش تھی۔

ہادی صائم کو چونکا چکا تھا۔۔

صائم نے حبہ کی خاطر وہ فائل لے لیا تو ہادی نے اسکی جانب ایک اور حنا کی پیکٹ بڑھایا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Filhal | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صائم حبہ نے یہ پیکٹ بھی تمھیں دینے کا کہا تھا کہ اسکی تلاش اب تم پوری کرو۔

صائم اس پیکٹ کو پہچان چکا تھا اس نے ہادی کے سامنے وہ پیکٹ کھولا جس میں کچھ رپورٹز اور ایک سی ڈی اور لیٹر تھا وہ اب اس لیٹر کو پڑھ رہا تھا۔

....

حارث اور کومل دونوں اس وقت حارث کے بنگلے میں موجود تھے۔

حارث کافی دیر سے کومل کو کھلانے کی کوشش کر رہا تھا جس نے رو رو کر اپنا برا حال کر رکھا تھا۔

پلیز کومل کچھ کھا لو میری خاطر پلیز !!

حارث ایک اور کوشش کر رہا تھا۔

میں نے اسے دیکھا تک نہیں کیونکہ مجھے اجازت نہیں دی تھی ظالموں نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور جن سے امید تھی کہ انکی وجہ سے اپنے بچے کو دیکھ پاؤنگی وہ امید بھی ختم ہو گئ۔

کومل روپڑی تھی کیونکہ دانی کے بعد سلطان ہی اسکی آخری امید تھی مگر وہ بھی اس حادثہ میں مر چکا تھا۔۔

حارث نے کھانے کی پلیٹ ایک طرف رکھی اور کومل کو اپنی بانہوں میں لے لیا۔

فلحال تم کھانا کھالو پھر ہمیں آئ سرجن کے پاس بھی جانا ہے تمھاری آنکھوں کا چیک اپ کروانے۔

فلحال لفظ سنتے ہی کومل نے اسکی طرف دیکھا۔

خدا کیلئے یہ منحوس لفظ میرے سامنے نہ بولا کریں یہ فلحال !!!

کومل نے غصے سے کہا تو حارث اسے صوفے پر بٹھا کر اسکے پاس بیٹھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھوں کو مسل کوئی لفظ ہمارے لیے برے نہیں ہوتے ہم خود بنا لیتے ہین اور فلحال تو ایک حقیقت ہے جو ہمارے سامنے ہوتا ہے ہم اس میں پل بھر کیلئے ہی سہی یقین سے جی لیتے ہیں اسلیے آئندہ ایسا مت کہنا اوکے !!

حارث نے یہ کہتے ہوئے اس کی جانب محبت بھری نظروں سے دیکھا تبھی دروازوے پر دستک کی آواز سنتے ہی وہ کمرے سے باہر آیا جہاں ملازمہ نے اسے ہادی اور صائم کی آنے کی اطلاع دی۔۔

....

حارث کے ہاتھ میں وہی لیٹر تھا جو صائم کو حبہ کے اسی پیکٹ سے ملا تھا۔

وہ لیٹر ڈاکٹر سعید کا لکھا ہوا تھا جسے انھوں نے اپنی علالت کے ایام میں لکھا تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہر لائن بہت سارے راز افشا کر رہی تھی کہ کس طرح ان کو دھمکی دی گئی تھی بیٹی کا نام لیکر اور جھوٹی رپورٹز بنوائی گئی تھی۔

حارث لیٹر پڑھ کر ایک گہرا سانس لیکر دونوں کی جانب دیکھنے لگا۔

اس کا مطلب حبہ ڈاکٹر سعید کی بیٹی تھی اور پچھلے ایک سال سے مجھے ڈھونڈھ رہی تھی۔۔

ہادی نے اثبات میں سر ہلایا اور کچھ دیر ہلکی پھلکی بات چیت کرنے کے بعد وہ دونوں وہاں سے چلے گئے۔۔

''

''

پانچ سال بعد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صائم اور نمرہ دونوں اس وقت حبہ کی قبر پر موجود تھے۔

دیکھو نمرہ آج بھی صائم جلدی جلدی بول بول کر مجھے ٹھیک طرح تیار بھی ہونے نہیں دیا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نمرہ کے چھپ ہوتے ہی اب صائم بول پڑا۔

نہیں تو کیا مجھے تم سے ملنا تھا اور یہ چھوٹی حب بھی بہت ضد کر رہی تھی۔

حب کی قبر پر سرخ گلاب رکھتے ہوئے صائم اور نمرہ کے ساتھ دو ننھے ہاتھ اور تھے جو ان دونوں کی بیٹی کے تھے جسکا نام حب رکھا تھا صائم نے۔۔۔۔۔۔

....

....

وہ اس وقت ایئرپورٹ سے اپنا لگیج لیے باہر کی جانب جا رہے تھے کہ ایک تین سال کے ننھے سے بچے نے آکر اسکے پیر پکڑے اور چھپنے لگا تو اس کے ساتھ موجود سات آٹھ سال کا لڑکا چلایا۔

hey u little boy leave my dad!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنے بیٹے کو ہنس کر دیکھنے کے بعد وہ اب گھٹنوں کے بل بیٹھا اس ننھے بچے سے مخاطب ہوا۔۔

آپ یہاں کیا کر رہی ہے لٹل پرنس؟؟

کھیل رہا ہوں اور میں پرنس نہیں سلطان hide nd seek میں ہوں وہ دیکھو وہ رہی مما مجھے چھپا لے انکل۔۔۔

وہ بچے کی بات پر مسکرا رہا تھا کہ کسی کی شناسا آواز سن کر اس طرف دیکھنے لگا جس طرف بچے نے بھی اشارہ کیا تھا تو اسکی پیروں کے نیچھے سے گویا زمین کسی نے کھینچ لی دل کی دھڑکنیں بے ترتیب ہونے لگی۔

سلطان!!! سلطان !!!

یہ کومل تھی۔۔

ہارون! اس لٹل پرنس کو اسکی مما تک چھوڑ کر جلدی آؤ اینڈ رکنا مت وہاں اوکے!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے اپنے بیٹے کو ہدایت دی تو وہ اس بچے کا ہاتھ تھامے اسے اسکی ماں کی جانب لے گیا جہاں اب حارث بھی پہنچ چکا تھا

وہاں پہنچا تو اس نے اس بچے کی ماں کو آواز دی۔

آنٹی یہ رہا آپ کا سلطان۔۔

وہ اس بچے کو وہاں پہنچا کر بھاگتا ہوا اپنے باپ کے پاس آیا تو وہ اسکو لیے ایک طرف گیا اور فون نکال کر کسی کو کال کرنے لگا۔

ھیلو پاشا کہاں ہو لگتا حارث کی فیملی بھی یہی آئی ہوئی ہے پتہ کرو اور اگر وہ یہاں رکنے والے ہیں تو ہمارے لیے دوبارہ لندن کی ٹکٹ کروا لو فوراً۔۔

اس نے یہ کہہ کر فون کاٹ دیا اور ہارون کو اپنی بانہوں میں بھر لیا۔

میں تمھیں کھونے نہیں دونگا ہارون اور نہ ہی اب اسکی زندگی میں کوئی تکلیف اور آنے دونگا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اب ہارون کا ہاتھ تھامے وہاں سے جانے لگا تھا۔۔۔

اب ہارون ہی اسکی زندگی کا واحد سہارا تھا۔۔۔اور کسی کی آخری نشانی سلطان کیلئے!!!!

ختم شد۔۔۔۔۔۔۔۔

Crazy Fans Of Novel
Welcome To The Group

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel